Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 — بدھ، 31 مئی 2023ء، 10 ذیقعد 1444ھ، قیمت 20 روپے — شمارہ 46

انتشار، جلاؤ، گھیراؤ پھیلانے والے مذاکرات کے اہل نہیں: وزیراعظم

ان کے عسکریت پسندانہ اقدامات کیلئے احتساب ہونا چاہیے، یہ کوئی معیوب بات نہیں، دنیا کی ترقی یافتہ جمہوریتوں میں بھی ایسے لوگوں کا محاسبہ کیا جاتا ہے

مذاکرات سیاسی عمل کا کلیدی جزو ہیں جو جمہوریت کے ارتقاء میں اپنا اہم کردار ادا کرتے ہیں، تاریخ ایسے سیاسی اور آئینی کامیابیوں سے بھری پڑی ہے، شہباز شریف کا بیان



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف بجٹ تجاویز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ انتشار، جلاؤ، گھیراؤ پھیلانے والے نام نہاد سیاستدان مذاکرات کے اہل نہیں ہوسکتے، ایسے لوگوں کا عسکریت پسندانہ اقدامات کیلئے احتساب ہونا چاہیے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ مذاکرات سیاسی عمل کا کلیدی جزو ہیں جو جمہوریت کے ارتقاء میں اپنا اہم کردار ادا کرتے ہیں، تاریخ ایسے سیاسی اور آئینی کامیابیوں (بقیہ نمبر 29)

نواز شریف کی تاحیات نااہلی کے خلاف درخواست دیں گے، رانا ثناء اللہ

نواز شریف کا پاکستان آنا ان کی صحت اور الیکشن سے مشروط ہے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نواز شریف کی تاحیات نااہلی اور پارٹی کی صدارت سے ہٹانے کے خلاف نظر ثانی درخواست دائر کی جائے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال سے درخواست کریں گے کہ وہ اس کو نہ سنیں۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ نواز شریف کا پاکستان آنا ان کی صحت اور الیکشن سے مشروط ہے، انتخابات (بقیہ نمبر 28)

حکومت کا آڈیو لیکس کمیشن بینچ کے تینوں ججز پر اعتراض

وفاقی حکومت کی درخواست میں بینچ کے 3 ممبران پر اعتراض کرتے ہوئے استدعا کی گئی کہ چیف جسٹس عمر عطا بندیال، جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منیب اختر آڈیو لیک کیس نہ سنیں

عدالتی فیصلوں اور کوڈ آف کنڈکٹ کے مطابق جج اپنے رشتہ دار کا مقدمہ نہیں سن سکتا، ارسلان افتخار کیس میں چیف جسٹس افتخار چوہدری نے اعتراض پر خود کو بینچ سے الگ کرلیا تھا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی حکومت نے سپریم کورٹ میں آڈیو لیک کمیشن کے خلاف درخواستوں پر سماعت کیلئے بینچ کے 3 ممبران پر اعتراض کرتے ہوئے نیا بینچ بنانے کی استدعا کردی۔ وفاقی حکومت نے متفرق درخواست آڈیو لیک کمیشن کے خلاف درخواستوں کے مقدمے میں جمع کرائی ہے۔ وفاقی حکومت کی درخواست میں بینچ کے 3 ممبران پر اعتراض کرتے ہوئے استدعا کی گئی کہ چیف جسٹس عمر عطا بندیال، جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منیب اختر آڈیو لیک کیس نہ سنیں، تینوں معزز ججز پانچ رکنی لارجر بینچ میں بیٹھنے سے انکار کر دیں۔ درخواست میں کہا گیا کہ 26 مئی کو سماعت میں چیف جسٹس پر اٹھائے گئے اعتراض کو پذیرائی نہیں دی گئی، انکوائری کمیشن کے سامنے ایک آڈیو چیف جسٹس کی خوش دامن سے متعلق ہے، عدالتی فیصلوں اور کوڈ آف کنڈکٹ کے مطابق جج اپنے رشتہ دار کا مقدمہ نہیں سن سکتا، ارسلان افتخار کیس میں چیف جسٹس افتخار چوہدری نے اعتراض پر خود کو بینچ سے الگ کرلیا تھا، مبینہ آڈیو (بقیہ نمبر 34)

پی ٹی آئی رہنما شہریار آفریدی اڈیالہ جیل سے رہائی کے بعد دوبارہ گرفتار

پولیس نے شہریار آفریدی کو 3 ایم پی او کے تحت دوبارہ گرفتار کرلیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی رہنما شہریار آفریدی کو اڈیالہ جیل سے رہائی کے بعد دوبارہ گرفتار کرلیا گیا۔ شہریار آفریدی 3 ایم پی او کے تحت گرفتار ہونے کے بعد ڈی سی اسلام آباد کے احکامات پر 15 دن سے سینٹرل جیل اڈیالہ میں نظر بند تھے اور 15 روز کی اسیری مکمل کرنے پر انہیں آج رہا کیا گیا، تاہم جیل سے باہر آتے ہی راولپنڈی پولیس نے شہریار آفریدی کو 3 ایم پی او کے (بقیہ نمبر 36)

وزیراعظم شہباز شریف نے ایم ڈی آئی ایم ایف کرسٹالینا جارجیوا سے مدد مانگ لی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی مینیجنگ ڈائریکٹر (ایم ڈی) کرسٹالینا جارجیوا سے رابطہ کر کے مدد مانگ لی۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 35)

لاہور: نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے آسٹریلیا کے ہائی کمشنر نیل ہاکنز ملاقات کر رہے ہیں

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے جسٹس اقبال حمید الرحمٰن کی بطور چیف جسٹس فیڈرل شریعت کورٹ تعیناتی کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے جسٹس اقبال حمید الرحمٰن کی بطور چیف جسٹس فیڈرل شریعت کورٹ (بقیہ نمبر 33)

عمران خان انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش، تین مقدمات میں ضمانتی مچلکے منظور

سابق وزیراعظم نے تین مقدمات میں ایک ایک لاکھ کے ضمانتی مچلکے عدالت میں جمع کرائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے خلاف جلاؤ گھیراؤ کے 3 مقدمات میں ضمانتی مچلکے منظور کر لیے۔ عمران خان نے انسداد دہشت گردی عدالت کے جج اعجاز احمد کے روبرو پیش ہو کر مچلکے جمع کرائے جو منظور کر لیے گئے۔ ایڈووکیٹ حبیب کی جانب سے عمران خان کے تینوں مقدمات میں ایک ایک لاکھ روپے کے (بقیہ نمبر 30)

حکومت نے آئندہ مالی سال کیلئے بجٹ تجاویز آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کردیں

وزارت خزانہ کے حکام آئی ایم ایف کے ساتھ بجٹ سے قبل معاہدہ کرنا چاہتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے آئندہ مالی سال کیلئے بجٹ تجاویز آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کردیں۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف بجٹ کا جائزہ لے کر وزارت خزانہ حکام سے بجٹ پر بات چیت کرے گا۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر اہداف اور قرضوں کی ادائیگیوں سمیت اہم اہداف کی تجاویز آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کی گئی ہیں جبکہ آئی ایم ایف کی (بقیہ نمبر 31)

مریم نواز سے آسٹریلوی ہائی کمشنر کی ملاقات

ملاقات میں دو طرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز شریف سے آسٹریلیا کے پاکستان میں تعینات ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے ملاقات کی۔ جاتی امراء رائے ونڈ میں آمد پر مریم نواز شریف نے آسٹریلوی ہائی کمشنر کا استقبال کیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں آسٹریلوی ہائی کمشن کی سیکنڈ سیکرٹری (بقیہ نمبر 32)

عمران خان کا وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل کو 10 ارب ہرجانے کا نوٹس

عبدالقادر پٹیل 15 روز میں اپنے الزامات واپس لیں، فوری طور پر غیر مشروط معافی مانگیں: متن

وفاقی وزیر صحت 10 ارب روپے بطور ہرجانہ ادا کریں، جسے شوکت خانم اسپتال میں جمع کروایا جائے گا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریکِ انصاف کے چیئرمین عمران خان نے وفاقی وزیرِ صحت عبدالقادر پٹیل کو 10 ارب روپے کے ہرجانے کا نوٹس بھجوا دیا۔ عمران خان کی جانب سے بھجوائے گئے نوٹس کے متن میں کہا گیا ہے کہ عبدالقادر پٹیل 15 روز میں اپنے الزامات واپس لیں۔ نوٹس کے متن میں کہا گیا کہ عبدالقادر پٹیل فوری طور پر چیئرمین پی ٹی آئی سے غیر مشروط معافی مانگیں۔ عمران خان کے بھیجے گئے نوٹس میں مطالبہ کیا گیا (بقیہ نمبر 39)

نواز شریف کی پارٹی صدارت پر بحالی کی درخواست ناقابل سماعت قرار

جسٹس علی باقر نجفی نے رجسٹرار آفس کا اعتراض برقرار رکھتے ہوئے درخواست ناقابل سماعت قرار دی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعظم نواز شریف کو پارٹی صدارت پر بحال کرنے کے لیے دائر درخواست ناقابل سماعت قرار دے دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی باقر نجفی نے نواز شریف کو پارٹی صدارت پر بحال کرنے کے لیے دائر درخواست پر اعتراض کی سماعت کی۔ عدالت نے رجسٹرار آفس کا اعتراض برقرار رکھتے ہوئے درخواست نا قابل سماعت قرار دی۔ رجسٹرار (بقیہ نمبر 38)

عمران خان کی گرفتاری میں فوج کا قطعاً کوئی کردار نہیں تھا، خواجہ آصف

رینجرز نے گرفتاری میں صرف پولیس کی مدد کی، عمران خان فوج پر غلط الزامات لگا رہے ہیں، وزیر دفاع

چیئرمین پی ٹی آئی لوگوں کو اکسانے اور منظم حملوں کا جواز اور بہانہ تلاش کررہے ہیں، پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عمران خان کی گرفتاری میں فوج کا قطعاً کوئی کردار نہیں تھا، چیئرمین پی ٹی آئی فوج پر غلط الزامات لگا رہے ہیں، رینجرز نے گرفتاری میں صرف پولیس کی مدد کی، عمران خان فوج پر غلط الزامات لگا رہے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی لوگوں کو اکسانے اور منظم حملوں کا جواز اور بہانہ تلاش کررہے ہیں۔ پارلیمنٹ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ عمران خان (بقیہ نمبر 37)

لاہور: چیئرمین تحریک انصاف عمران خان ہائیکورٹ میں پیشی کے بعد سخت سکیورٹی میں واپسی کیلئے روانہ ہو رہے ہیں

پاکستانی حکام سے بات چیت میں بجٹ پر توجہ رکھی جائیگی، آئی ایم ایف مشن چیف

پروگرام کے اہداف اور مناسب فنانسنگ کے انتظامات بھی بات چیت کا حصہ ہیں، ناتھن پورٹر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف مشن چیف نے کہا ہے کہ پاکستانی حکام سے بات چیت میں بجٹ پر توجہ رکھی جائے گی۔ ایک بیان میں آئی ایم ایف مشن چیف ناتھن پورٹر نے کہا کہ آئی ایم ایف بورڈ کے اجلاس کیلئے پاکستانی حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں، آئی ایم ایف پروگرام کی معیاد جون کے آخر میں ختم ہو رہی ہے۔ آئی ایم ایف مشن چیف نے کہا کہ پاکستانی حکام سے بات چیت میں اگلے (بقیہ نمبر 41)

13 پارٹیوں کا ٹولہ 9 مئی کے واقعہ کو سیاسی بیانیہ نہ بنائے، شیخ رشید

سپریم کورٹ کہہ چکی ہے چند لوگوں کیلئے قانون سازی نہیں ہوسکتی، دیکھیں یکم جون کو کیا فیصلہ کرتی

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ میرے سمیت ساری قوم 9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتی ہے لیکن 13 پارٹیوں کا ٹولہ اسے اپنا سیاسی بیانیہ نہ بنائے، ایک مہینے سے دنیا میں ہماری جگ ہنسائی ہورہی ہے اور ہمارے گندے کپڑے میڈیا پر دھوئے جارہے ہیں، سپریم کورٹ کہتی ہے کہ چند لوگوں کے لئے قانون سازی نہیں ہوسکتی، دیکھیں یکم جون کو (بقیہ نمبر 40)

کوئٹہ: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

بجٹ میں عوام پر مزید بوجھ نہیں ڈالنا چاہتے، وزیر خزانہ

جب پاکستان کی معیشت بہتر ہونے لگتی ہے کوئی سانحہ ہوجاتا ہے، ہم نے گزشتہ دور میں پاکستان کو دنیا کی 24 ویں بہترین معیشت بنایا تھا

آئی ایم ایف کے نویں جائزے کیلئے سب کچھ ہو چکا ہے، گزشتہ حکومت کی وعدہ خلافی کی وجہ سے ملک کو نقصان پہنچا، وفاقی وزیر خزانہ

لاہور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ کوشش کریں گے بجٹ میں عوام پر مزید بوجھ نہ ڈالا جائے لیکن آئی ایم ایف کی وجہ سے ہمارے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ جب پاکستان کی معیشت بہتر ہونے لگتی ہے کوئی سانحہ ہوجاتا ہے، ہم نے گزشتہ دور میں پاکستان کو دنیا کی 24 ویں بہترین معیشت بنایا تھا، آئی ایم ایف کے نویں جائزے کیلئے سب کچھ ہو چکا ہے، گزشتہ حکومت کی وعدہ خلافی کی وجہ سے ملک کو نقصان پہنچا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا پاکستان پر جیسے 1999 میں ایٹمی دھماکوں کے وقت بدترین پابندیاں لگائی گئی تھیں۔

پی ٹی آئی منحرف اراکین کی چوہدری سرور سے ملاقاتیں

چوہدری شجاعت نے جس سے جو وعدہ کیا اس کو ہر قیمت پر نبھایا، چیف آرگنائزر (ق) لیگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف آرگنائزر مسلم لیگ ق) چوہدری سرور سے پاکستان تحریک انصاف کے منحرف اراکین اسمبلی نے ملاقاتیں کر کے آئندہ انتخابات کے لئے پارٹی ٹکٹ کی یقین دہانی مانگ لی۔ بتایا گیا ہے کہ چوہدری سرور نے کہا ہے کہ جو زبان دوں گا اس کی لاج رکھوں گا۔ چوہدری شجاعت حسین نے جس سے جو وعدہ کیا اس کو ہر قیمت پر نبھایا۔ چوہدری سرور نے (بقیہ نمبر 42)

پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کیخلاف کیس، صدر سپریم کورٹ بار کا تحریری جواب جمع

پارلیمنٹ نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون بنا کر عدالتی اختیار سے تجاوز کیا، تحریری جواب

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) سپریم کورٹ آف پاکستان میں پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے خلاف کیس میں صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن عابد زبیری نے تحریری جواب جمع کرا دیا جس میں کہا گیا ہے کہ پارلیمنٹ نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون بنا کر عدالتی اختیار سے تجاوز کیا۔ صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے جمع کرائے گئے جواب میں کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر (بقیہ نمبر 43)

ملائیشیا میں روکا گیا پی آئی اے کا طیارہ چند گھنٹوں بعد چھوڑ دیا

جہاز ریلیز ہونے کے بعد کوالالمپور سے اسلام آباد پہنچا، ترجمان کی تصدیق

کراچی/اسلام آباد (این این آئی) قومی ایئر لائن پی آئی اے کے طیارے کو ملائیشین حکام نے چند گھنٹوں بعد ریلیز کر دیا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ ملائیشیا میں گزشتہ روز پی آئی اے کے طیارے کو چند گھنٹوں کے لیے روکا گیا تھا، جس کے بعد اسے چھوڑ دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق طیارے کو لیز کے مسائل پر کوالالمپور میں غیر ملکی کمپنی نے عدالتی احکامات پر روکا تھا۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے (بقیہ نمبر 54)

بائیڈن پاک امریکا تعلقات کی بہتری کیلئے کردار ادا کریں، جم

واشنگٹن (این این آئی) رکن امریکی کانگریس جم بینکس نے امریکی صدر جو بائیڈن سے درخواست کی ہے کہ وہ پاک امریکا تعلقات کی بہتری میں اپنا کردار ادا کریں۔ اپنے بیان میں امریکی (بقیہ نمبر 52)

ممنوعہ فنڈنگ ضبطگی شوکاز، الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کے وکیل کو آخری موقع دیدیا

اسلام آباد (کورٹ رپوٹر) الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی ممنوعہ فنڈنگ ضبطگی سے متعلق شوکاز نوٹس پر سماعت کرتے ہوئے تحریکِ انصاف (بقیہ نمبر 45)

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شاہد خاقان عباسی کیخلاف ریفرنس نیب کو واپس بھیج دیا گیا

احتساب عدالت نے ریفرنس ٹرانسفر کرنے سے متعلق درخواست پر فیصلہ سنا

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کی احتساب عدالت نے سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کے خلاف ریفرنس نیب کو واپس بھیج دیا۔ پی ایس او میں غیر قانونی بھرتیوں سے متعلق ریفرنس احتساب عدالت سے ٹرانسفر کرنے سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی۔ احتساب عدالت نے ریفرنس ٹرانسفر کرنے سے متعلق درخواست پر فیصلہ سنا دیا۔ گزشتہ سماعت پر عدالت نے درخواست پر فیصلہ محفوظ (بقیہ نمبر 44)

آڈیو لیکس، ثاقب نثار کے بیٹے نے تحقیقاتی کمیٹی کو عدالت میں چیلنج کردیا

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیف جسٹس پاکستان جسٹس (ر) ثاقب نثار کے بیٹے نجم ثاقب نے اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے مبینہ آڈیو لیکس کی تحقیقات کیلئے قائم کمیٹی کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا۔ نجم ثاقب کی جانب سے (بقیہ نمبر 46)

عدالت نے عمران خان کے گھر کے سرچ وارنٹ کو غیر موثر قرار دیدیا

وارنٹ صرف مخصوص مدت تک کیلئے ہوتے ہیں، انسداد دہشت گردی عدالت

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی رہائش گاہ کے سرچ وارنٹ غیر موثر قرار دے دیئے۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت میں تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی جانب سے گھر کے سرچ ورانٹ منسوخ کرانے کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کی جج عبہر گل کے روبرو (بقیہ نمبر 55)

تھرپارکر، آسمانی بجلی گرنے سے 6 افراد جاں بحق، پانچ زخمی

تھرپارکر (این این آئی) سندھ کے ضلع تھرپارکر میں آسمانی بجلی گرنے سے 6 افراد جاں بحق اور 5 زخمی ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تھرپارکر کے مختلف شہروں مٹھی، اسلام کوٹ اور ننگر پارکر اور گردونواح میں تیز بارش ہوئی تاہم اس دوران مٹھی (بقیہ نمبر 53)

سندھ سے تحریک انصاف چھوڑنے والی 2 اہم شخصیات کا جہانگیر ترین سے رابطہ

جہانگیر ترین کی مختلف رہنماؤں سے مشاورت جاری، رواں ہفتے نئی پارٹی کا اعلان متوقع

لاہور (بیورو رپورٹ) سندھ سے تحریک انصاف چھوڑنے والی 2 اہم شخصیات نے جہانگیر ترین سے رابطہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا اور سندھ سے بھی کئی لوگ جہانگیر ترین سے رابطے میں ہیں اور جہانگیر ترین کی ملک بھر سے مختلف رہنماؤں سے مشاورت جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق جہانگیر ترین کی جانب سے رواں ہفتے ہی نئی پارٹی کا اعلان متوقع ہے۔ یاد رہے کہ جہانگیر ترین 9 مئی (بقیہ نمبر 56)

اعظم سواتی کی عدم حاضری پر فرد جرم کی کارروائی

وارنٹ کی تعمیل کے وقت اعظم سواتی اپنے گھر میں موجود نہیں تھے، تفتیشی افسر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسپیشل جج سینٹرل اسلام آباد نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اعظم سواتی کی عدم حاضری پر فرد جرم کی کارروائی موخر کر دی۔ اسپیشل جج سینٹرل اسلام آباد کی عدالت میں اعظم سواتی کے متنازع ٹوئٹس کے کیس کی سماعت کے دوران وفاقی تحقیقاتی ادارے (بقیہ نمبر 48)

عمران خان کیخلاف اندراج مقدمہ کی ایک اور درخواست دائر

لاہور (کورٹ رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی مشکلات کم نہ ہوسکیں، سیشن کورٹ میں سابق وزیراعظم کے خلاف ایک اور مقدمہ کے اندراج کی درخواست دائر کردی گئی۔

نگران حکومت کے آرڈیننس میں ترمیم کرنے کے اختیار لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (کورٹ رپورٹر) پنجاب کی نگران حکومت کے آرڈیننس میں ترمیم کرنے کے اختیار لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیئے گئے۔ فیصل سندھو نے مبین قاضی ایڈووکیٹ کے توسط سے (بقیہ نمبر 49)

جس کا بھی دباؤ تھا نیب اب معافی مانگ لے، شاہد خاقان عباسی

نئے چیئرمین نیب کیا اب افسران سے سوال کریں گے کہ جھوٹے کیس کیوں بنائے؟، سابق وزیراعظم

کوئی کسی جماعت کو ختم نہیں کرسکتا، جس ملک میں جمہوریت نہیں ہوگی الیکشن چوری ہوں گے تو پھر بوجھ پڑے گا، میڈیا سے گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ جس کا بھی دباؤ تھا کم از کم جعلی کیس پر نیب اب معافی مانگ لے۔ احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ کیس احتساب عدالت میں نہ چلانے کی درخواست پر فیصلہ آیا ہے، اس حوالے سے میں نے درخواست دائر نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ میں تو کہتا رہا کہ کیس چلائیں تاکہ عوام کو پتہ چل سکے، یہاں جو 2 گواہ آئے انہوں نے (بقیہ نمبر 57)

پراسیکیوشن ونگ پنجاب کا خواتین ملزموں کی ضمانت منسوخی کیلئے ہائیکورٹ سے رجوع

خواتین حملے میں ملوث، پیٹرول سے بھری بوتلیں برآمد ہوئیں، ضمانت منسوخ کی جائے، استدعا

لاہور (سٹی رپورٹر) فیصل آباد میں خفیہ ایجنسی کے دفتر پر حملے کے مقدمے میں 7 خواتین کی بعد از گرفتاری ضمانتوں کے معاملے پر پراسیکیوشن ونگ پنجاب نے خواتین ملزموں کی ضمانت منسوخی کے لیے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا۔ پراسیکیوشن ونگ پنجاب کی جانب سے درخواست (بقیہ نمبر 50)

پاکستان اور اٹلی کے درمیان تعاون کیلئے روڈ میپ پر دستخط

ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے اور 'واٹر مینجمنٹ' میں تعاون کیلئے 'مشترکہ فریم ورک' قائم کرنے پر اتفاق

اسلام آباد میں اطالوی تجارتی ایجنسی کے دفتر کے قیام سے دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا، شیری رحمان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان اور اٹلی کی نائب وزیر برائے خارجہ امور اور بین الاقوامی تعاون ماریہ تریپودی نے اطالوی وزارت خارجہ میں پاکستان-اٹلی مشترکہ اقتصادی کمیشن '(JEC)' کے 5 ویں اجلاس کی شریک صدارت کی۔ دونوں فریقین نے اگلے ہفتے اسلام آباد میں اطالوی تجارتی ایجنسی کے دفتر کے قیام کو سراہتے ہوئے ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے اور 'واٹر مینجمنٹ' میں (بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے اسلام آباد بار کونسل کے وکلا کا وفد ملاقات کر رہا ہے

گورنر پنجاب سے آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز کی ملاقات

باہمی دلچسپی کے امور، تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن سے گورنر ہاؤس لاہور میں پاکستان میں تعینات آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے ملاقات کی۔ جس میں باہمی دلچسپی کے امور کے علاوہ تعلیم، زراعت اور تجارت سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران گورنر پنجاب نے آسٹریلین ہائی کمشنر کو بطور چانسلر یونیورسٹیوں کی ترقی (بقیہ نمبر 51)

لاہور: آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز اور سیکنڈ سیکرٹری میری رابرٹسن جاتی امراء میں ن لیگ کی چیف آرگنائزر مریم نواز سے ملاقات کر رہے ہیں

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

آرمی ایکٹ کے تحت کارروائی

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ فوج اپنی طاقت عوام سے حاصل کرتی ہے، سانحہ 9 مئی کے منصوبہ سازوں، اکسانے والوں اور عمل کرنے والوں کے خلاف آرمی اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاک فوج کی طاقت اس کے عوام ہیں، فوج اور عوام کے درمیان دراڑ ڈالنے کی کوشش ریاست کے خلاف عمل ہے، ایسا عمل کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ایسا کرنے والوں کی کوئی کوشش کسی بھی حال میں قابل برداشت ہے اور نہ ہی قابل معافی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک دشمن قوتیں اور ان کے حامی فیک نیوز اور پراپیگنڈہ کے ذریعے انتشار پھیلانے کی کوشش کررہے ہیں، قوم کے تعاون سے دشمن کے ایسے تمام عزائم کو ناکام بنادیا جائے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق آرمی چیف نے لاہور کا دورہ کیا، وہ جناح ہاؤس اور اہم تنصیبات پر گئے اور کور ہیڈکوارٹرز میں افسروں اور جوانوں سے خطاب بھی کیا۔ آرمی چیف نے آرمی ایکٹ کے تحت 9 مئی کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کے آغاز کا اعلان کردیا ہے، واضح رہے کہ 2015 میں دہشت گردی جب حد سے بڑھ گئی تھی تو اِس پر قابو پانے کے لیے اکیسویں ترمیم کے ذریعے آرمی ایکٹ میں ترمیم کی گئی تھی۔ اِس کا مقصد دہشت گردوں کو جلد از جلد قانون کی گرفت میں لاکر سزا دینا تھا۔ 2015 میں پاکستان کی پارلیمان نے 21 ویں آئینی ترمیم اور آرمی ایکٹ 1952 میں ترمیم کی متفقہ منظوری دی تھی جس کے تحت پاکستان کے خلاف جنگ، فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملہ، اغوا برائے تاوان، غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کی مالی معاونت، مذہب اور فرقے کے نام پر ہتھیار اٹھانے، کسی دہشت گرد تنظیم کے اراکین، سول اور فوجی تنصیبات پر حملہ کرنے والے، دھماکہ خیز مواد رکھنے یا کہیں لانے لیجانے والے ملک میں دہشت اور عدم تحفظ کا ماحول پیدا کرنے والے اور بیرونِ ملک سے پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے والوں کے خلاف کارروائی کی جاسکتی ہے۔ فوجی ایکٹ کے تحت کارروائی کی صورت میں ملزم کے خلاف ہونے والی عدالتی کارروائی کو فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کہا جاتا ہے اور یہ فوجی عدالت جی ایچ کیو ایجوٹنٹ جنرل)جیگ (برانچ کے زیرِ نگرانی کام کرتی ہے۔ اِس عدالت کا صدر ایک حاضر سروس) عموماً لیفٹیننٹ کرنل رینک (فوجی افسر ہوتا ہے، استغاثہ کے وکیل بھی فوجی افسر ہوتے ہیں۔ یہاں ملزمان کو وکیل رکھنے کا حق دیا جاتا ہے۔ اگر کوئی ملزم پرائیویٹ وکیل رکھنے کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو فوجی افسران کی وکالت کرتے ہیں، انہیں فرینڈ آف دی ایکیوزڈ کہا جاتا ہے، ملزم اِس کارروائی کے خلاف بعد اپیل کا حق رکھتا ہے۔ آرمی ایکٹ کے سیکشن ٹو ون ڈی کی دو شقوں کے تحت عام شہریوں پر بھی مقدمہ چلایا جاسکتا ہے جن میں پہلی، جاسوسی یا عسکری راز فراہم کرنا اور دوسری فوجیوں کو حکم نہ ماننے پر اکسانا یا پھر فوج کے ادارے کے خلاف اکسانا شامل ہے۔ شق ٹو ون ڈی کے تحت کسی بھی سویلین کا معاملہ 31 ڈی میں لاکر اس کا کورٹ مارشل کیا جاسکتا ہے لیکن اس کے لیے پہلے ملزم کے خلاف کسی تھانے میں مقدمہ کے اندراج اور مجسٹریٹ کی اجازت ضروری ہے۔ سانحہ 9 مئی کے بعد چونکہ فوج کو امن قائم کرنے کے لیے بلا لیا گیا تھا، اِس صورت میں فوج کو لا اینڈ آرڈر کے لیے کچھ اضافی اختیارات بھی مل جاتے ہیں۔ سیکشن ٹو ون ڈی کے ساتھ سیکشن 59 اور 60 لگائے جاسکتے ہیں، سیکشن 60 سہولت کاری یعنی اگر کوئی بھی شخص چاہے وہ ملک میں ہے یا ملک سے باہر ہے اور فوج کے خلاف اکسانے میں مدد کا باعث بنا ہے تو اس پر بھی ٹو ون ڈی کا اطلاق ہوگا۔ آرمی ایکٹ کے تحت سزاؤں کا انحصار جرم کی نوعیت پر ہے، اِس میں دو سال سے لے کر عمر قید اور یہاں تک کہ سزائے موت کی سزا بھی ہوسکتی ہے۔ جب آرمی ایکٹ میں ترمیم کی گئی تھی اس وقت حالات غیر معمولی تھے اور جو کچھ 9 مئی کو ہوا وہ بھی یقیناً غیر معمولی تھا۔ سیاسی اختلافات بڑھ کر انتشار کی شکل اختیار کرگئے جو کہ کسی طور بھی ملک کے مفاد میں نہیں اس لیے مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے ذمہ داران کا تعین کرکے ان کو سزا دینا انتہائی ضروری ہے۔ ملک کے ہر طبقہ ہائے فکر نے آرمی ایکٹ کے تحت کارروائی کو موزوں قرار دیا ہے، زیادہ تر قانون دان بھی اِس کے حق میں ہیں۔ ویسے تو اِن مقدمات کا ٹرائل عام عدالتوں کے ذریعے بھی کیا جاسکتا تھا لیکن اب جبکہ عسکری تنصیبات پر حملہ کرنیوالوں کے خلاف آرمی ایکٹ کے تحت مقدمات کی سماعت کا فیصلہ ہوچکا ہے اور کابینہ نے بھی اس کی منظوری دے دی ہے تو 2015 کی طرح اِس وقت بھی قوم کو افواج پاکستان کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ اِس معاملے میں بے انتہا احتیاط برتی جانی چاہیے، جو لوگ اِس میں ملوث ہیں ان کے خلاف مکمل ثبوت حاصل کرکے ہی ان کا ٹرائل عمل میں لایا جائے۔ اِس معاملے کو پھیلانے سے گریز کریں۔

مذاکرات اور چوہدری پرویز الہی

محمد علی یزدانی

ایک طرف حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات جاری ہیں تو دوسری طرف حکومتی اتحاد میں شامل بڑی جماعت ن لیگ کے سرکردہ رہنماں کا ماننا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات وقت کا ضیاع ہے۔ خواجہ آصف، جاوید لطیف اور مریم نواز نے اپنے بیانات میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات سے کچھ حاصل نہیں ہونے والا۔ جس پر سنجیدہ حلقے سوالات اٹھا رہے ہیں اگر ان مذاکرات سے کچھ حاصل نہیں کیا جاسکتا تو پھر وقت کیوں ضائع کیا جارہا ہے اور ایک ہیجان کی کیفیت کیوں بنا دی گئی ہے اور پوری قوم کو ٹرک کی بتی کے پیچھے کیوں لگا دیا ہے۔ دوسری جانب عمران خان کہتے ہیں کہ اگر الیکشن سپریم کورٹ کی دی گئی ڈیڈ لائن پر نہیں ہوتے تو وہ تحریک چلانے کیلئے تیار ہیں بلکہ سڑکوں پر آنے کیلئے تیار ہیں اور ایک نیا لانگ مارچ بھی کریں گے۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر حکومت اور پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما ایک دوسرے کو یوں ہی للکارتے رہیں گے تو پھر مذاکرات کا کھیل کیوں کھیلا جارہا ہے۔ سیاسی حلقوں میں مذاکرات کو لے کر ایک اور اہم سوال بھی اٹھایا جارہا ہے کہ اگر مذاکرات کامیاب نہیں ہوتے تو کیا سپریم کورٹ مزید کارروائی کرے گی یا معاملے کو جوں کا توں رہنے دیا جائے گا، کیونکہ سپریم کورٹ کے حکم نامے کے بعد ہی مذاکرات شروع ہوئے تھے اور اگر یہ نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوتے تو پھر چودہ مئی کو ہونے والے انتخابات پر بھی سوالیہ نشان لگ جائے گا۔ مئی کا آغاز ہوچکا ہے اور ابھی تک نا تو حکومت نے الیکشن کمیشن کو فنڈز جاری کئے ہیں اور نہ ہی سیاسی جماعتوں کی جانب سے کوئی ایسی سرگرمی دیکھنے کو مل رہی ہے کہ کہا جائے کہ دس بارہ دن بعد الیکشن ہونے والے ہیں، یعنی کسی قسم کی سیاسی گہما گہمی جو انتخابات کا خاصہ ہوتی ہے وہ دیکھنے کو نظر نہیں آرہی اس لئے چودہ مئی کو پنجاب میں ہونے والے انتخابات تاحال مشکوک ہی دکھائی دیتے ہیں۔ مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو پھر وزیرِاعظم شہباز شریف کی نااہلی پر بھی باتیں ہورہی ہیں اور وزیرِ دفاع خواجہ آصف نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ اگر سپریم کورٹ نے عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر وزیرِاعظم شہباز شریف کو نااہل کیا تو وہ عدالت کے حکم کو ماننے اور اس پر عمل درآمد کرنے سے انکار کردیں گے، اس طرح کی باتیں ظاہر کرتی ہیں کہ ملک سیاسی بحران سے نکلنے والا نہیں ہے بلکہ مزید سنگین ہونے والا ہے۔ کیوں کہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے بھی عندیہ دیا ہے کہ وہ پارلیمنٹ کی مدت ایک سال بڑھانے پر غور کررہے ہیں اگر ایسا ہوا تو ملک میں ایک نیا سیاسی بحران پیدا ہوگا کیوں کہ پی ٹی آئی کبھی نہیں چاہے گی کہ پارلیمنٹ کی مدت میں اضافہ کیا جائے اور اگر پی ٹی آئی دوبارہ سے سڑکوں پر آئی تو ملک کی معیشت مزید خراب ہوگی اور یہ درست کیسے ہوگی اس کا حل تا حال کسی کے پاس نہیں ہے۔ سیاسی جماعتوں کے درمیان اس اعتماد کے فقدان کے درمیان سابق وزیرِاعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الہی کے گھر پولیس نے دھاوا بولا ہے جو نہایت افسوسناک عمل ہے۔ پرویز الہی دو بار صوبے کے وزیرِاعلیٰ رہے ہیں پھر سپیکر پنجاب اسمبلی رہے ہیں اس کے علاوہ وہ اپنی جماعت کے صدر بھی ہیں ایسے میں ان کے گھر پر اس طرح دھاوا بولا جانا ایک افسوسناک امر ہے کیوں کہ پرویز الہی کی پنجاب کے لئے بہت خدمات ہیں۔ پنجاب پولیس کا فنڈ چوہدری پرویز الہی نے اپنے دور حکومت میں بڑھایا، ایمرجنسی سروس شروع کی، کئی ہسپتال بنائے، اس کے علاوہ کئی ایسے منصوبے ہیں جو پرویز الہی کے دور میں شروع ہوئے۔ پرویز الہی کے خلاف اگر کسی قسم کے الزامات بھی ہیں تو انہیں مہذب طریقے سے طلب کیا جاسکتا تھا اس طرح ان کے گھر پر پولیس کے دھاوے نے سیاست کو مزید آلودہ کیا ہے۔ کیوں کہ چوہدری خاندان کی وضع داری کے سب معترف ہیں۔ ن لیگ جب مشرف دور میں زیرِ عتاب تھی تو یہ چوہدری پرویز الہی ہی تھے جنہوں نے مسلم لیگ ن کے رہنما سابق وزیرِاعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف کو مشرف کے عتاب سے بچائے رکھا اور اس کے علاوہ انہیں کسی قسم کی ایذا نہیں دی اور وہ اپنے خاندان کے نمائندہ کے طور پر پاکستان میں موجود رہے اس دوران انہیں کبھی پولیس نے نہ تو گرفتار کیا اور نہ ہی ان کے گھر پر اس طرح دھاوا بولا گیا۔ اگرچہ پنجاب میں اس وقت نگران حکومت موجود ہے لیکن لوگ اس امر کا مورد الزام ن لیگ کو ٹھہرا رہے ہیں حالانکہ پنجاب پولیس وفاق کے ماتحت نہیں اور اس وقت صوبے پر ایک نگران حکومت موجود ہے جو پنجاب میں ہوئے معاملات کی ذمہ دار ہے۔ نگران حکومت کا یہ عمل اس کے کردار پر ایک دھبہ ضرور ہے، اس نگران حکومت کے مختصر سے دور حکومت میں ایسے واقعات حکومت کی نیک نامی نہیں بلکہ بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔ چوہدری پرویز الہی ایک منجھے ہوئے اور رکھ رکھا والے سیاسی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں ان کے گھر پر پولیس حملہ یا پولیس کا انہیں گرفتار کرنے کیلئے بھونڈا انداز اپنانا کسی طور پر بھی ایک احسن انتظامی عمل نہیں ہے جس پر نگران حکومت کو معافی مانگنی چاہیئے۔

گستاخانہ مواد کے سدباب کے لیے میڈیا کا کردار

سید مجتبیٰ رضوان

بھی طرح کی گستاخی ناقابل معافی ہے، اس سلسلے میں کسی بھی سطح پر کوئی کوتاہی نہیں ہونی چاہیے۔ [5/3, 7:50 PM] JS: گستاخانہ مواد اور درست حکومتی اقدامات

از۔۔۔ظہیرالدین بابر

وطن عزیز میں اکثریت مسلمانوں کی ہے، یہی سبب ہے کہ پاکستان میں گستاخانہ مواد کا معاملہ ہمیشہ سے حساس رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ماضی میں گستاخی پر مبنی مواد کی وجہ سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم مثلاً فیس بک اور یوٹیوب کو بلاک کیا جاچکا ہے۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ انٹرنیٹ کی بندش صرف سوشل میڈیا ہی کا نام نہیں بلکہ اس اقدام سے اربوں کا کاروبار بھی متاثر ہوتا ہے مگر دوسری جانب اس حقیقت سے بھی صرف نظر نہیں کیا جاسکتا کہ سوشل میڈیا پر گستاخانہ مواد سے لاکھوں نہیں کروڑوں پاکستانیوں کے جذبات مجروح ہوتے ہیں، چنانچہ ریکارڈ پر ہے کہ 2012 سے 2016 تک یوٹیوب کو اس وقت بلاک کیا گیا جب اس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں ایسی فلم دکھائی جس کی وجہ سے پوری مسلم دنیا میں غم وغصہ کی لہر دوڑ گئی، افسوس صد افسوس کہ ذات باری تعالیٰ، جناب رسول اللہ ﷺ سمیت دیگر تمام انبیائے کرام علیہم السلام، اہل بیت، صحابہ کرام، مذہب اسلام اور قرآن کریم کی گستاخی کی توہین نے نہ صرف ایک باقاعدہ مہم کی صورت اختیار کرلی ہے بلکہ یہ ایک فتنہ کی شکل اختیار کرتا گیا، جو آج بھی وقتاً فوقتاً مسلمانوں کو متاثر کرتا ہے، یقینا بحیثیت مسلمان ہم سب کا فرض ہے کہ ہم سوشل میڈیا پر گستاخانہ مواد کی تشہیر میں ملوث مجرمان کے خلاف اس جہاد کا عملی حصہ بن کر حکومت کے ہاتھ مضبوط کریں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جو حقوق آپ کے ماننے والوں پر واجب ہیں ان میں یہ بھی ہے کہ آپ کا مکمل دفاع کیا جائے، آپ کی عزت وناموس کی تکریم تمام اہل ایمان پر واجب ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنا ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے، تاریخی سچ یہ بھی ہے کہ مسلمانوں، عیسائیوں اور یہودیوں کے درمیان اہل کتاب ہونے کی بنیاد پر اسلام، قرآن اور ہمارے پیارے نبی ﷺ کی توہین سے گریز کیا جاتا تھا مگر ایک عجیب صورت 80 کی دہائی میں عین اس وقت سامنے آئی جب بعض مغربی حلقوں کو یقین آنے لگا کہ سابق سوویت یونین مجاہدین کی وجہ سے پسپائی اختیار کرنے پر مجبور ہورہا ہے چنانچہ اسی دور میں سلمان رشدی کی کتاب شائع ہوئی جس میں گستاخانہ مواد شامل تھا، پھر یوں ہوا کہ سلمان رشدی کو برطانیہ میں سیاسی پناہ دے دی گئی۔ اس اقدام پر برطانیہ نے یہ موقف اختیار کیا کہ یہ آزادی اظہار ہے۔ ان دنوں پاکستان سمیت پوری اسلامی دنیا میں شدید احتجاج کیا گیا۔ ایران کے مذہبی رہنما آیت اللہ خمینی نے رشدی کے قتل کا حکم جاری کیا اور انعام بھی رکھا۔

بعدازاں 11 ستمبر 2001 نے بہت کچھ بدل کر رکھ دیا جس کے بارے میں اب بہت سے سوالات بھی اٹھ رہے ہیں، نائن الیون کے چند روز کے اندر اندر افغانستان پر حملہ کردیا گیا۔ اس کے بعد عراق، شام، لیبیا، سوڈان پر امریکہ اور مغربی ملکوں کی جانب سے جنگ مسلط کردی گئی، پھر یوں ہوا کہ آزادی اظہار کے نام پر نہ صرف مغربی دانشوروں نے اسلاموفوبیا کو ہوا دی بلکہ بعض یورپی سربراہان بھی اس میں شامل ہوئے۔ اس دوران ایک جانب تو دین اسلام اور توہین رسالت ﷺ کی گئی، تو دوسری جانب بعض مغربی حلقوں کی جانب سے مسلمانوں کو دہشت گردی سے نتھی کردیا گیا۔ اسی پس منظر میں مسلم خواتین کو اسکارف پہننے سے زبردستی روکا گیا تو کبھی ان مسلمانوں کی سر بازار تذلیل کی گئی کو جو مغربی ممالک کی شہریت اپنا چکے تھے اسی پراپیگنڈا اور حالات کی آڑ میں افغانستان میں لاکھوں افراد کا قتل ہوا، کبھی عراق، شام، سوڈان اور لیبیا میں لاکھوں مسلمانوں کو موت کی نیند سلا دیا گیا۔ بادی النظر میں کہا جاسکتا ہے کہ 1980-81 کے بعد سے اب تک پوری دنیا میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ایک ایسی مہم شروع کی گئی جس میں مسلمانوں کے خلاف جاری مہم میں انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے بجائے الٹا ان کو ہی دہشت گردی اور منفی سوچ کا حامل قرار دیا جاتا رہا، اب سویڈن میں قرآن پاک کو نذر آتش کرکے پوری دنیا کے تقریبا دو ارب مسلمانوں کی دل آزاری کی گئی اور اس کو بھی فکری اور نظریاتی آزادی کا نام دیا گیا۔

15 مارچ 2019 کو نیوزی لینڈ میں ایک انتہا پسند دہشت گرد نے دو مساجد میں اندھا دھند فائرنگ کرکے 51 مسلمانوں کو شہید کردیا۔

اگرچہ اس سے کہیں زیادہ ظلم برما یعنی میانمار میں جبکہ دوسری جانب بھارت اور اسرائیل نے خصوصا فلسطینیوں کے ساتھ روا رکھا ہے مگر نیوزی لینڈ کی مسجد میں نہتے مسلمان مرد وخواتین حتی کہ بچوں اور بزرگوں کو شہید کرنے کا ایسا واقعہ پیش آیا، جس نے امریکہ ہی نہیں یورپ، کینیڈا، آسٹریلیا، امریکہ کے مسلمان تارکین کے لیے دل دہلا دیئے۔

اس موقع پر نیوزی لینڈ کی سابق وزیراعظم جیسنڈا آرڈرن کا رویہ مثالی رہا۔ جس نے پوری دنیا کو یہ احساس دلایا کہ دنیا کے تقریبا دو ارب انسانوں) مسلمانوں (کی دل آزاری کو کسی بھی اعتبار سے آزادی اظہار کا نام نہیں دیا جاسکتا۔ درحقیقت فوبیا علم نفسیات کی ایک اصطلاح ہے۔ فوبیا کے لفظی معنی بغیر کسی وجہ کے خوف کے ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اسلام دشمن انتہا پسند پوری دنیا میں اسلاموفوبیا کو بڑھاوا دینے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ مسلمان ممالک اور بادشاہوں میں سے کوئی بھی ایسا نہیں گزرا جس نے اسپین کی طرح مخالفین کا صفایا کیا ہو، پھر عام سطح پر دیکھیں تو یہ حقیقت ہے یہودی الہامی مذاہب کے اعتبار سے اپنے بچوں کے نام حضرت عیسی علیہ سلام سے پہلے آنے والے انبیا اور رسولوں کے نام پر رکھتے ہیں، عیسائی حضرت عیسی علیہ سلام کی آمد تک کے رسولوں کے نام پر اپنے بچوں کے نام رکھتے ہیں، مگر دوسری جانب مسلمان نبی آخر الزمان حضرت محمد ﷺ سمیت آج تک آنے والے تمام انبیا اور رسولوں کے ناموں پر آج بھی اپنے بچوں کے نام رکھتے ہیں۔ المیہ ہے کہ اس وقت عیسائی، ہند، بدھ مت اور یہودیوں میں پائے جانے والے بعض انتہاپسند مسلمانوں کے خلاف پرتشدد کارروائیاں کرتے ہیں، دراصل ایسے ہی عناصر مسلم اکثریت کے خطوں کشمیر اور فلسطین میں مسلمانوں کی نسل کشی میں مصروف ہیں جبکہ اقوام متحدہ کی جانب سے آزادی اور خودمختاری کے لیے قراردادیں منظور کی جاچکی ہیں۔ اس پس منظر میں پی ڈی ایم حکومت کا یہ اقدام قابل تحسین ہے کہ اس نے اسلام ہی نہیں دیگر مذاہب کے ماننے والوں کے جذبات مجروح کرنے والوں کے خلاف قانونی اقدامات اٹھائے ہیں مثلا بتایا گیا ہے کہ ایسی صورت میں

مسلمانان عالم آزادہ اظہار رائے کے قائل ہیں تاہم اس آزادی اور دوسرے فرد کی توہین یا اس فرد کے عقیدہ میں شامل مقدس ومحترم شخصیات کی توہین کو الگ الگ کرتے ہیں۔ آزادی اس حد تک تسلیم کی جاسکتی ہے کہ جب تک دوسرے کے جذبات کو مجروح نہ کیا جائے اور ایسا بیانیہ یا انداز کہ جس سے دنیا میں انتشار وافتراق کی کیفیت کو بڑھاوا حاصل ہو، آزادہ اظہار کے خلاف ہے، موجودہ حکومت نے اہلیان پاکستان اور اہلیان اسلام کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے جو موقف اختیار کیا ہے وہ قابل تقلید اور لائق تحسین ہے. اس حوالے سے وزیراعظم پاکستان کی جانب گستاخانہ خاکوں کا معاملہ او آئی سی، اسلامی وزرا خارجہ، اسلامی سربراہی کانفرنس اور اقوام متحدہ میں اٹھانے کا عزم بلاشبہ قابل تحسین ہے۔ سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اس سلسلے میں قرارداد مذمت کا منظور ہونا پاکستانی سیاسی زعما اور عوام کی دینی حمیت کا منہ بولتا ثبوت ہے وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے سوشل میڈیا پر گستاخانہ مواد کے سدباب کیلئے میڈیا اور اس سے وابستہ لوگوں کے فعال کردار پر زور دیتے اس امر کو اجاگر کیا ہے کہ میڈیا کے ذریعے گستاخانہ مواد کی حوصلہ شکنی کے ساتھ ساتھ اس کے سدباب کیلئے متعلقہ قوانین اور حکومتی اقدامات سے متعلق عوامی آگاہی بھی بہت ضروری ہے۔ سوشل میڈیا پر گستاخانہ مواد کی اطلاع فوری طور پر پی ٹی آے، ایف آئی اے یا وزارت مذہبی امور کو کی جائے۔ واضح رہے کہ سنہ 2017 میں اسلام آباد ہائی کورٹ میں ایک درخواست دائر کی گئی تھی جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ سوشل میڈیا پر پیغمبر اسلام کے بارے میں توہین آمیز مواد شائع کیا جارہا ہے لہذا ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اس وقت کے اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس شوکت عزیز صدیقی نے ایف آئی اے کو اس معاملے کی تحقیقات کرنے کا حکم دیا تھا۔ یاد رہیکہ 8 جنوری 2021 کو اسلام آباد میں انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سوشل میڈیا پر پیغمبر اسلام سے متعلق گستاخانہ مواد شائع کرنے کا جرم ثابت ہونے پر تین افراد کو موت جبکہ ایک مجرم کو دس سال قید کی سزا سنادی تھی۔

بزرگ عبدالقادر بخش مری سچے عاشق رسول

محمد شہزاد بھٹی

حال ہی میں مدینہ منورہ میں عمرہ کی ادائیگی کے دوران سوشل میڈیا پر شہرت کی بلندیوں کو چھونے والے بزرگ عبدالقادر بخش مری جن کا تعلق پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے علاقے حب / ساکران سے ہے۔ یہ غریب بزرگ عبدالقادر بخش مری بکریوں کا چرواہا ہے، 15 سال لوگوں کی بکریاں چراتا رہا پیسہ جمع کرتا رہا۔ بس اس کی ایک ہی دھن، ایک ہی لگن تھی کہ میں مدینہ منورہ جا کر روضہ رسول دیکھوں۔ آخرکار، اس نے رمضان المبارک 1444 ہجری میں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے لیے سفر مدینہ منورہ کیا۔ 50 لاکھ سے زائد زائرین اس بار حرم مکی حرم مدینہ میں موجود تھے ان 50 لاکھ زائرین میں بڑے بڑے بادشاہ حاکم امرا علما تاجر گدی نشین اور دنیا کی طاقتور ترین شخصیات شامل تھیں مگر اللہ کریم نے بزرگ عبدالقادر بخش مری کو جو عزت بخشی وہ کسی اور کے نصیب میں نہیں آئی۔ اعلی سعودی حکام بزرگ عبدالقادر بخش مری سے رابطہ میں ہیں، یہ بزرگ اس سال 1444 ہجری میں ہونے والے حج میں سعودی شاہی مہمان کی حیثیت سے حج کی سعادت حاصل کرینگے۔ انشااللہ، مجھے بزرگ عبدالقادر بخش مری سے نہ کوئی مسئلہ تھا اور نہ اب ہے اور نہ ہی کوئی ان کی مقبولیت سے خائف ہے۔ مجھے افسوس صرف اس پاکستانی قوم پر ہے۔ سادہ سا باریش اور معمر شخص عبدالقادر بخش مری نے صرف اپنے حلیے اور ہیئت سے مسلمانوں کی اتنی بڑی تعداد کو اپنا گرویدہ بنالیا۔ کچھ تو جذبات میں اس قدر بہہ گئے کہ مشابہت صحابہ کرام سے کردی۔ بعض جوشیلوں نے سیدھا سیدھا حضرت ابوبکر صدیق سے ملا دیا۔ بزرگ عبدالقادر بخش مری کی ایک نو سیکنڈ کی ویڈیو اس قوم میں ایک اجنبی شخص سے اس قدر عقیدت بھر دیتی ہے کہ وہ جوق در جوق اس کی جھونپڑی میں جا پہنچتے ہیں، ہاؤسنگ سوسائٹی میں پلاٹ نام کردیتے ہیں، جاوید آفریدی حج کے مفت پیکج کا اعلان کرتا ہے، پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے علاقے حب / ساکران کی ایک جھونپڑی بوسہ گاہ خلائق بن جاتی ہے ٹی وی اور یوٹیوب چینلز انٹرویو کے لیے ٹوٹ پڑتے ہیں۔ سوچیے جب دجال کا ظہور ہوگا تو ہم اس کے حلیے اور ہیئت سے متاثر نہ ہوں گے؟ جو دنیا بھر کے شعبدے لے کر مشرق سے نکلے گا، بارش برسائے گا، صحرا گلستان میں بدلے گا، کئی معجزات کھلی آنکھوں سے دکھائے گا، جنت اور جہنم ساتھ لے کر چلے گا، تو کیا ہمارا ایمان متزلزل نہ ہو گا؟ بزرگ عبدالقادر بخش مری کی کوئی کرامت دیکھے بنا صرف اس کے لباس اور چال ڈھال کو دیکھ کر ہم مر مٹے اور اب اس کے قدموں میں بیٹھ کر دم درود کے لیے ٹوٹ پڑے ہیں تو خود فیصلہ کیجیے کہ دجال تو پوری تیاری کے ساتھ آئے گا۔ بزرگ عبدالقادر بخش مری کی وڈیو ایک لٹمس ٹیسٹ تھا کہ یہ قوم کیا سوچتی ہے۔ کتنی شخصیت اور ظاہر پرست ہے۔ ایک بار پھر عرض کردوں کہ وہ بزرگ سچے عاشق رسول ہیں، بہت معصوم اور سادہ لوح ہیں لیکن سوال بچھڑے کی پوجا کرنے والوں سے ہے بچھڑے سے نہیں۔ آپ نے ایک عام شخص کو محض لباس اور وضع قطع سے صحابی کا درجہ دے ڈالا۔ نعوذ باللہ، دجال تو پھر پوری تیاری اور لوازمات کے ساتھ نمودار ہوگا۔ تب کیا کریں گے؟ یاد رکھیے: بزرگ عبدالقادر بخش مری کی ویڈیو ایک لٹمس ٹیسٹ تھا، اکثریت فیل ہوگئی، میں دعا کرتا ہوں اللہ کریم بزرگ عبدالقادر بخش مری کو ایک بار پھر مدینہ بلا لے، ان کی باقی زندگی وہیں گزرے اور یہ جنت البقیع میں دفن ہوں ورنہ یہاں ان کے مزار اور آستانے کی تیاریاں مکمل ہیں۔

شوبز SHOWBIZ

قدرت کی ہر چیز میں خوبصورتی ہے لیکن ہر کوئی اسے دیکھ نہیں سکتا، عائزہ خان

لاہور ((شوبز نیوز) اداکارہ عائزہ خان نے کہا ہے کہ قدرت کی ہر چیز میں خوبصورتی ہے لیکن ہر کوئی اسے دیکھ نہیں سکتا انہوں نے کہا کہ اللہ پاک نے ہر چیز بہت خوبصورت بنائی ہے اور کوئی چیز بھی بے مقصد پیدا نہیں کی لیکن ہر کوئی اس خوبصورتی کو دیکھ نہیں سکتا کیونکہ اس سب کے لیے بھی ایک خوبصورت آنکھ چاہیے۔ عائزہ خان نے کہا ہے کہ قدرت کی ہر چیز میں خوبصورتی ہے لیکن ہر کوئی اسے دیکھ نہیں سکتا انہوں نے کہا کہ اللہ پاک نے ہر چیز بہت خوبصورت بنائی ہے اور کوئی چیز بھی بے مقصد پیدا نہیں کی لیکن ہر کوئی اس خوبصورتی کو دیکھ نہیں سکتا۔

ہمیشہ سے ہی پاکستان جانے کی خواہشمند ہوں: راکول پریت

اداکارہ کے علاوہ اداکار ارجن کپور اور نینا گپتا کے خیالات بھی کچھ ایسے ہی ہیں

لندن (شوبز نیوز) بھارت کی مشہور اداکارہ راکول پریت سنگھ کا کہنا ہے کہ میں ہمیشہ سے ہی پاکستان جانے کی خواہشمند ہوں۔ بھارتی فلم سردار کا گرینڈسن میں مرکزی کردار ادا کرنے والی اداکارہ راکول پریت سنگھ کا کہنا ہے کہ میں ہمیشہ سے ہی پاکستان جانے کی خواہشمند ہوں اور لاہور دیکھنا چاہتی ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ میرے دادا تقسیم ہند کے وقت پاکستان سے بھارت منتقل ہوگئے تھے اور پھر زندگی بھر لاہور جانے کی خواہش کرتے رہے لیکن فوج میں نوکری کرنے کی وجہ سے ان کی یہ خواہش پوری نہ ہوسکی۔ راکول پریت سنگھ کے علاوہ اداکار ارجن کپور اور نینا گپتا کے خیالات بھی کچھ ایسے ہی ہیں۔

کانز فلم فیسٹیول کے دوران خاتون نے احتجاجاً خود پر نقلی خون پھینک لیا

خاتون نے اچانک اپنے لباس سے نقلی خون کے 2 کیپسولز نکال کر خود پر ڈال لئے

پیرس (شوبز نیوز) پیرس میں جاری 76 ویں کانز فلم فیسٹیول کے دوران خاتون نے اچانک اپنے لباس سے نقلی خون کے 2 کیپسولز نکال کر خود پر ڈال لئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق فلم ACIDE کی نمائش کے دوران ریڈ کارپٹ پر خاتون نے سیڑھیوں پر سکیورٹی سٹاف سے آگے نکل کر اپنے لباس سے لال رنگ کے 2 کیپسولز نکال کر خود پر استعمال کئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق خاتون نے احتجاج کے طور پر اس نقلی خون کو اپنے چہرے اور جسم پر لگایا۔ رپورٹس کے مطابق خاتون کی اس حرکت کو دیکھ کر تمام میڈیا کے نمائندے اس کی طرف متوجہ ہوگئے جبکہ سکیورٹی سٹاف نے فوراً ایکشن لیا اور خاتون کو پکڑ کر باہر لے گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق خاتون نے یوکرین کے جھنڈے کے رنگوں والا لباس پہن رکھا تھا اور اس نے روس پر یوکرین کے حملے پر ناپسندیدگی کا اظہار کرنے کیلئے ایسا کیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال بھی کانز فلم فیسٹیول کے دوران یوکرین سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے روسی فورسز کے خلاف احتجاج کیا تھا۔ یاد رہے کہ فلمی دنیا کے معتبر ترین میلوں میں سے ایک کانز فیسٹیول 16 مئی سے 27 مئی تک جاری رہے گا۔

امریکی گلوکارہ بیونسے 200 ملین ڈالرز کی مہنگی ترین حویلی کی مالکن بن گئیں

کیلیفورنیا (شوبز نیوز) امریکی گلوکارہ اور سانگ رائٹر بیونسے اور ان کے شوہر جے زی نے کیلیفورنیا میں مہنگا ترین گھر خرید لیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق اس شاندار حویلی نما گھر کی قیمت 200 ملین ڈالرز بتائی جارہی ہے جو پاکستانی روپے کے لحاظ سے تقریباً 57 ارب روپے بنتی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کا کہنا ہے کہ کیلیفورنیا کے علاقے مالیبو میں واقع یہ گھر ریاست میں اب تک فروخت ہونے والی سب سے مہنگی جائیداد ہے۔ 30 ہزار مربع فٹ رقبے پر مشتمل اس گھر کو پرائزکر انعام یافتہ جاپانی ماہر تعمیرات ٹاڈا اینڈو نے ڈیزائن کیا تھا۔ اس محل جیسے گھر کی ایک خاص بات یہ بھی ہے۔

اپنے فن سے مسکراہٹ بکھیر رہا ہوں، ظفری خان

پاکستانی ہونا میرے لیے اعزاز کی بات ہے، یہ ملک نہیں تو میں کچھ بھی نہیں

لاہور (شوبز نیوز) معروف کامیڈین اداکار ظفری خان نے کہا ہے کہ جس میں ٹیلنٹ ہو وہ اپنے آپ کو ایک دن منوا ضرور لیتا ہے، اپنے فن کے ذریعے لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹ بکھیر رہا ہوں اور یہی میری زندگی کا اثاثہ ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پاکستانی ہونا میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ یہ ملک نہیں تو میں کچھ بھی نہیں میں آج جو کچھ ہوں اپنے ملک کی وجہ سے ہوں۔ مجھے فخر ہے کہ ہمارے کامیڈینز نے دیار غیر میں وطن عزیز پاکستان کا پرچم بلند کیا۔ ظفری خان نے کہا کہ ٹیلنٹ کو دبایا تو جاسکتا ہے۔

موجودہ وقت میں فلم انڈسٹری ترقی کررہی ہے، جان ریمبو

فلم انڈسٹری کو خیرباد نہیں کیا جب بھی اچھا رول ملا تو ضرور کام کروں گا

لاہور (شوبز نیوز) اداکار جان ریمبو نے کہا ہے کہ میں نے فلم انڈسٹری کو خیرباد نہیں کیا جب بھی اچھا رول ملا تو ضرور کام کروں گا موجودہ وقت میں پاکستان فلم انڈسٹری بہتری کی جانب رواں دواں ہے۔ اپنے ایک انٹرویو میں جان ریمبو نے کہا کہ میں ایک سچا فنکار ہوں اور کبھی بھی فلم انڈسٹری سے آؤٹ نہیں ہوسکتا جیسے ہی مجھے کوئی اچھی فلم جو میری سوچ کے مطابق ہوئی ملی تو یقیناً میں کام کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ شائقین آج بھی مجھے پسند کرتے ہیں اور یہ سب میرے کام سے لگن کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ وقت میں فلم انڈسٹری ترقی کررہی ہے اور بہتری کی جانب رواں دواں ہے۔۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ وقت میں فلم انڈسٹری ترقی کررہی ہے اور بہتری کی جانب رواں دواں ہے۔

فن کی کوئی سرحد ہی نہیں ہوتی مگر فنکار کی ہوتی ہے، ثانیہ سعید

فن ایک سمندر کی طرح ہیں جہاں ہر روز کچھ نہ کچھ سیکھنے کو ملتا ہے

لاہور (شوبز نیوز) سنیئر اداکارہ ثانیہ سعید نے کہا ہے کہ پاکستانی فلموں کی کامیابی نے نئی راہیں کھول دیں، اچھے نتائج کے لیے محنت کرنا پڑتی ہے۔ فن ایک سمندر کی طرح ہیں جہاں ہر روز کچھ نہ کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔ ہر بار کچھ ہٹ کر ہی کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ جس کے لیے میرا فوکس اسکرپٹ اور کردار ہوتا ہے۔ اپنے ایک انٹرویو میں ثانیہ سعید نے یونی ورژن نیوز سے کہا کہ ہمارے دور میں پروڈیوسر سمیت پوری ٹیم پروجیکٹ کو معیاری بنانے کے لیے محنت کرتے کئی دنوں تک ریہرسلز ہوتیں۔ اب تو ہر کام افراتفری میں کیا جارہا ہے۔

سپورٹس SPORTS

بھارتی امپائر کو فکسنگ الزامات میں دھر لیا گیا

جتین ایشیا کپ کوالیفائرز میں کرکٹرز کو کرپشن پر آمادہ کرنے کیلیے کوشاں رہے

لاہور (سپورٹس نیوز) بھارتی کرکٹ امپائر کو فکسنگ الزامات میں دھر لیا گیا۔ ایک بھارتی امپائر جتین کیشپ کو آئی سی سی اینٹی کرپشن کوڈ کے تحت 2 الزامات کا سامنا ہے، چارج شیٹ جاری کیے جانے کے بعد انھیں 14 دن میں جواب دینا ہوگا۔ ذرائع کے مطابق بھٹنڈا پنجاب سے تعلق رکھنے والے آفیشل انٹرنیشنل امپائر نہیں بلکہ مقامی سطح پر ہی میچز سپروائز کرتے ہیں، انھوں نے گذشتہ سال اومان میں ہونے والے ایشیا کپ کوالیفائرز میں کرکٹرز کو کرپشن پر آمادہ کرنے کیلیے کوشش کی، وہ اس ایونٹ میں خود کسی حیثیت میں شریک نہیں تھے مگر بالواسطہ طریقے سے کھلاڑیوں پر اثر انداز ہونے کیلیے کوشاں رہے۔ معاملہ انٹرنیشنل میچز سے متعلق ہونے کی وجہ سے آئی سی سی کے کان کھڑے ہوئے اور تحقیقات کا آغاز کردیا، ابتدائی طور پر الزامات میں جان ہونے کی وجہ سے ان کیخلاف چارج شیٹ جاری کردی گئی۔

قومی ویمن کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مارک کولز کراچی پہنچ گئے

کراچی (سپورٹس نیوز) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مارک کولز کراچی پہنچ گئے۔ ماضی میں بھی قومی ویمن ٹیم کے لئے ذمہ داریاں ادا کرنے والے مارک کولز کا تعلق نیوزی لینڈ سے ہے۔ مارک کولز نے کہا کہ ایشین کرکٹ کونسل کے تحت 23 برس سے کم عمر ویمن کرکٹرز کیلئے 12 سے 21 جون تک ہانگ کانگ میں کھیلے جانے والا پہلا ایمرجنگ ایشیا کپ ان کا پہلا ٹاسک ہوگا۔ مارک کولز ایونٹ کی تیاریوں کے سلسلے میں کراچی میں جاری 4 ٹیموں کے ایونٹ میں کھلاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں گے۔

رائل چیلنجرز کی ٹیم آئی پی ایل سے باہر؛ نوین، کوہلی کا مذاق اڑانے لگے

ممبئی (سپورٹس نیوز) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کی فرنچائز لکھنؤ سپر جائنٹس کے افغان پیسر نوین الحق رائل چیلنجرز بنگلور کے ٹورنامنٹ سے باہر ہونے پر ویرات کوہلی کا مذاق اڑانے لگے۔ گزشتہ روز ویرات کوہلی کی ٹیم رائل چیلنجر بنگلور کو گجرات ٹائٹنز کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا، اس میچ میں کوہلی نے 101 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی جو رائیگاں گئی، گجرات نے 198 رنز کا ہدف 19 ویں اوور میں شبمن گل کی سنچری کی بدولت حاصل کرلیا اور یوں رائل چیلنجرز کی ٹیم پلے آف مرحلے تک رسائی حاصل کرنے میں ناکام رہی۔ کوہلی کی ٹیم کو شکست ہوئی اور ایونٹ کے پلے آف مرحلے سے باہر ہوئی تو ایک بار پھر نوین الحق نے انسٹاگرام پر ایک پوسٹ لگا کر مذاق اڑاتے ہوئے ایک آدمی ہنستا دکھائی دے رہا ہے، جس پر انہیں تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ نوین الحق اور کوہلی کے درمیان رواں سیزن میں تلخ کلامی ہوئی تھی، جس میں ٹیم کے مینٹور گوتم گمبھیر بھی شامل ہوگئے تھے جس پر تینوں کرکٹرز کو جرمانہ بھی عائد کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ لکھنؤ سپر جائنٹس کی ٹیم پلے آف مرحلے میں ممبئی انڈینز کے مدمقابل آئے گی۔ جس پر انہیں تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ نوین الحق اور کوہلی کے درمیان رواں سیزن میں تلخ کلامی ہوئی تھی، جس میں ٹیم کے مینٹور گوتم گمبھیر بھی شامل ہوگئے تھے جس پر تینوں کرکٹرز کو جرمانہ بھی عائد کیا گیا تھا۔

کپتان بابر اعظم کا لنکا پریمیئر لیگ کے ساتھ معاہدہ ہوگیا

بابر اعظم لنکا پریمیئر لیگ میں براہ راست معاہدہ کرنے والے کرکٹرز کی فہرست میں شامل ہیں

لاہور (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا لنکا پریمیئر لیگ کے ساتھ معاہدہ طے پا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق بابر اعظم لنکا پریمیئر لیگ میں براہ راست معاہدہ کرنے والے کرکٹرز کی فہرست میں شامل ہیں

TENDER NOTICE

Sealed tenders based on items rates/ percentage rates above or below on approved estimate/ (DNIT) amount are hereby invited for the work mentioned below from the contractors/firms enlisted/ renewed with Pakistan Engineering Council (PEC) for the current financial year 2022-23 in the field of Building Works.

Tender documents are available, which can be obtained from the date of publication of invitation to bids in Newspaper as well as PPRA webiste from any of the below mentioned office, upon written request compained with attested copies of PEC license, Identity Card of Contractor/Managing Partner / Director of the firm along with registered power of attorney and on payment of prescribed tender fee in shape of CDR, Pay Order, Bank Draft / Cashier's Cheque of any Schedule Bank in favour of Executive Engineer Building Division Chakwal

i) Chief Engineer, Punjab Buildings Department North Zone Lahore.
ii) Commissioner Rawalpindi Division Rawalpindi.
iii) Superintending Engineer, Buildings Circle No.2, Rawalpindi.
iv) Deputy Commissioner, Chakwal.
v) Executive Engineer, Buildings Division Chakwal
vi) Assistant Commissioner, Chakwal / Choa Saidan Shah

Tendered rates and amounts should be filled in figures as well as in words and tenders should be signed as per general directions given in the tender document. No rebate on tendered rates will be acceptable.

Tenders documents will be issued from the date of Publication upto 13.06.2023 and will be received on 15.06.2023 upto 11:00 AM and same will be opened on 11:30 AM, in the office of Chief Engineer, Punjab Buildings Department. North Zone Lahore and Commissioner, Rawalpindi Division Rawalpindi, simultaneously on fixed date and time by the respective tenders Opening Committee at the above venues in the presence of intending contractors or their representatives.

Conditional tenders and tenders not accompanied with earnest money @ 2% of the estimated cost in shape of CDR, Pay Order, Bank Draft / Cashier's Cheque of any Schedule Bank in favour of Executive Engineer Building Division Chakwal and attested copies of registered partnership deed and power of attorney in case of firms will not be entertained.

PPRA Rules (Amended upto 31.12.2021) will be followed for rejection of tenders.

Sr.#	Name of work.	Estimated Rs in Million	Earnest Money @2% Rs in Million	T.S No. & Date.	Tender Fee.	Completion Time
1	**Group No.2** Balance Work Of Revamping of all DHQ / THQ Hospitals In Punjab (One at DHQ Hospital Chakwal" ADP NO. 1013 for the year 2021-22. **(Provision of External Power Wiring System).**	40.714	0.814	CEBNZ No.564/D dated 17.04.2023	10000	12-Months

Name:	Abdul Ghafoor	Name:	Sajid Nisar
Designation:	Executive Engineer	Designation	Superintending
Department:	Buildings Division Chakwal	Department	Buildings Circle No.2,
House / Street P.O		House / Street	110 Adam Jee Road
Rawalpindi		P.O Box with	Rawalpindi
Cantonment area:		Cantonment area	Rawalpindi Cantt
City Name with Dist: & Teh:	Distt. Complex Ghaziabad	City Name with	Rawalpindi
Phone / Fax / Mobile No	0543-660020/ Fax 0543-660020	Phone / Fax	051-9271920 / 051-9270523

IPL 4145

Executive Engineer
Building Division
Chakwal

Superintending Engineer
Building Circle No. 2
Rawalpindi.

بقیہ بقیہ جات 1

انٹرنیشنل افیئرز پروفیسر چن لی تیان نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ زرعی تعلقات کو وسعت دی جارہی ہے، جس میں خوراک اور ماحولیاتی بحران سب سے زیادہ تشویش کا باعث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبے میں چین پاکستان تعاون کے ٹھوس نتائج سامنے آئیں گے۔ گوادر پرو کے مطابق ڈائریکٹر او آر آئی سی ڈاکٹر جعفر جسکانی نے کہا کہ پاکستان میں فی ایکڑ زرعی پیداوار بہت کم ہے، انہوں نے کہا کہ زرعی ترقی کے لیے پاکستان کے چینی یونیورسٹیوں کے ساتھ بہترین تعلقات ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق ایس سی اے یو کے کالج آف نیچرل ریسورسز اینڈ انوائرمنٹ کے ڈپٹی ڈین پروفیسر ڈاکٹر کائی کھن چنگ نے کہا کہ وہ ماحولیاتی زرعی ٹیکنالوجی، حیاتیاتی تنوع، اور ماحول دوست طریقوں کے ساتھ سبز زرعی ترقی کے حصول کے لیے اچھے طریقوں پر سرگرم عمل ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق ایس سی اے یو سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر جان ہونے جانوروں اور پولٹری فیڈ کے لیے پائیدار حل کے طور پر سویابین پروٹین کو کیڑے کے پروٹین سے بدلنے کی تجویز دی۔

بقیہ بقیہ جات 2

پاکستان عوامی تحریک کا کردار ہمیشہ سے پر امن رہا ہے، انہوں نے کہا کہ 23 دسمبر 2012ء کو سیاست نہیں ریاست بچاؤ کے تاریخی جلسے میں ڈاکٹر طاہرالقادری نے یہ واضح کر دیا تھا کہ ہماری جدوجہد پہلے دن سے پر امن تھی اور ہمیشہ پر امن رہے گی، 2013ء اور 2014ء کے دھرنوں میں ڈاکٹر طاہرالقادری کے کارکنوں نے پر امن رہ کر ڈاکٹر طاہرالقادری کا کہے ہوئے الفاظ کو سو فیصد درست ثابت کیا، ایک گملہ تو کیا ایل پھول تک نہیں ٹوٹا، دونوں تاریخی دھرنوں حتیٰ کہ سانحہ ماڈل ٹاؤن کے انصاف میں تاخیر کے باوجود بھی قانون کو اپنے ہاتھ میں نہ لیا، ہمیشہ پر امن رہ کر جدوجہد کی اور کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 3

بھی پولیس فورس کو جھوٹے مقدمات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ایسے واقعات فورس میں بددلی کا باعث، ازالے کیلئے لیگل ایڈ فنڈ قائم کیا گیا ہے، فرض شناس پولیس افسران و اہلکاروں کو استغاثوں، جھوٹے مقدمات کا سامنا کرنے کے لئے تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لیگل ایڈ فنڈ پنجاب پولیس کے ویلفیئر پراجیکٹس کی آمدنی سے قائم کیا گیا ہے، پولیس افسران پر مشتمل کمیٹی اضلاع سے بھجوائے گئے تمام کیسز کا جائزہ لے کر امدادی رقوم بارے فیصلہ کرے گی۔ لیڈرشپ اور کانسٹیبلری مل کر فورس کے خلاف درج جھوٹے استغاثوں اور درخواستوں کا مقابلہ کرے گی، آئندہ کسی پولیس افسر یا اہلکار کو مقدمات کا سامنا کرنے کیلئے اپنی بیوی یا بیٹی کا زیور بیچنا نہیں پڑے گا۔

بقیہ بقیہ جات 4

پیش رفت بارے پراسیکیوٹر جنرل کو آگاہ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 5

کو آسان شرائط پر قرض دینے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ کے دوران اجلاس کو بتایا گیا کہ کاٹن کراپ مینجمنٹ کیلئے ایگریکلچر انٹرن شپ پروگرام شروع کیا جارہا ہے جبکہ ینگ ایگریکلچر گرایجویٹس کے ذریعے کاٹن کراپ مینجمنٹ ایڈوائزری سروس شروع کی جائے گی اور ملتان میں انٹرنیشنل کاٹن کانفرنس منعقد ہوگی۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بہاولپور میں 208400 ایکڑ رقبے پر کپاس کی ریکارڈ بوائی مکمل ہوچکی ہے۔ اپٹا نے گزشتہ برس کی نسبت رواں برس زیادہ رقبے پر کپاس کی بوائی پر نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا۔ ماہرین نے اپنی آرا کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اچھی فصل کیلئے ڈی اے پی، فاسفیڈ اور یوریا کھادوں کا استعمال ضروری ہے۔ سیکرٹری زراعت، سیکرٹری آبپاشی، سیکرٹری خزانہ، اپٹا کے عہدیدار فواد مختار، انوار غنی، کمشنر لاہور ڈویژن، چیئرمین پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ، محکمہ زراعت کے حکام نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ ملتان، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد، سرگودھا، ساہیوال کے کمشنرز اور وائس چانسلر یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 6

اور امریکہ کی ثالثی میں ایک ہفتہ طویل جنگ بندی معاہدے میں توسیع پر غور کر رہے ہیں، جس کا مقصد انسانی امداد کی تقسیم کی اجازت دینا ہے۔ یہ ڈیڈ لائن آج رات 09:45 پر ختم ہو رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

بتایا کہ خاص طور پر انوویشن انسٹی ٹیوٹ تحقیق میں سہولت فراہم کرنے اور آلو کی افزائش، جراثیم کی تخلیق اور استعمال میں پیشرفت کو فروغ دینے اور آلو کی کاشت کے مظاہرے کے اڈوں کی تعمیر کے لیے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گا۔ آلو کے ماہر نے نوٹ کیا کہ افزائش پر مبنی تعاون بی آر آئی ممالک میں آلو کی صنعت میں درپیش چیلنجوں اور امکانات کا جائزہ لینے کیلئے کیے گئے ایک تفصیلی مطالعہ سے پیدا ہوتا ہے۔ پروفیسر لیو نے سی ای این کو بتایا کہ ہم نے بی آر آئی ممالک جیسے کہ پاکستان اور قازقستان کو آلو کے بیجوں کی کمی سے دوچار دیکھا، انہوں نے کہا کہ تعاون کے نشان کے طور پر، ہر ملک کو فورم میں 100 سیٹ جرمپلازم ریپڈ ڈائیگنوسٹک کٹس تحفے میں دی گئیں۔ پروفیسر لیو نے کہا کہ پہلے قدم کے طور پر، اراکین کو افزائش نسل کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے لیے تربیتی سیشن منعقد کیے جائیں گے۔ چائنا اکنامک نیٹ کے مطابق اس مقصد کے لیے، شرکاء نے فورم میں ایک اسٹریٹجک تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے اور "بیلٹ اینڈ روڈ" انٹرنیشنل پوٹیٹو جرمپلازم ریسورس بینک کی مشترکہ تعمیر اور استعمال کے لیے ایک تجویز جاری کی۔ انہوں نے کہا ایک حوصلہ افزا علامت میں شرکت کرنے والی یونیورسٹیوں اور کاروباری اداروں نے پہلے ہی فورم کے دوران ایک دوسرے کے ساتھ قریبی تعلقات قائم کر لیے ہیں اور یہ گہرے تکنیکی تعاون کے لیے ایک متاثر کن آغاز کے طور پر کام کرتا ہے، بی آر آئی آلو نیٹ ورک کے شراکت داروں میں سی آئی پی چائنہ سینٹر فار ایشیا اینڈ دی پیسیفک، لی لنگ شی سن پلانٹ انڈسٹری گروپ کمپنی لمیٹڈ اس کے علاوہ یونیورسٹیاں، ریسرچ انسٹیٹیوٹ جس میں چائنیز اکیڈمی آف ایگریکلچرل سائنسز، ایس سیفولن قازق ایگروٹیکنیکل یونیورسٹی اور پاکستان کی یونیورسٹی آف لاہور شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

شرجیل نے بتایا کہ اس نے یہ پوسٹ صرف شرارت کے ارادے سے کی تھی اور درحقیقت اس کا اس طرح کی کسی سرگرمی کا کوئی ارادہ نہیں تھا، اس نے اس حوالے سے شرمندگی کا اظہار کرتے ہوئے معافی بھی طلب کی۔ ملک شرجیل کے والد نے یقین دہانی کروائی کہ اُن کا بیٹا مزید ایسی کوئی حرکت نہیں کرے گا اور یہ کہ اس کی غلطی کم عمری اور نادانی کا نتیجہ تھی۔ پولیس تھانہ بی ڈویژن اوکاڑہ نے ملزم کی کم سنی اور اس کے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ سے محتاط رہنے کی تنبیہ کے ساتھ رہا کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 9

کے باوجود بھی ضمانت نہیں دی جاسکتی، ملزم پر بھڑکانے اور اشتعال دلانے کے الزامات ہیں۔ عدالت نے استفسار کیا کہ اشتعال دلانے کا الزام ہے تو حراست میں لینا کیوں ضروری ہے؟ پراسیکیوٹر نے بتایا کہ انویسٹی گیشن کے لیے اسد عمر پولیس کو درکار ہیں، جوڈیشل کمپلیکس اور ہائیکورٹ کے درمیان فاصلہ ایک کلومیٹر کا ہے، ملزم آسانی سے جائے وقوعہ سے ہائیکورٹ پہنچ سکتا ہے، عدالت نے ریمارکس دیئے کہ میڈیا بھی بڑی تعداد میں اس روز جائے وقوعہ پر موجود تھا۔ وکیل اسد عمر نے کہا کہ کچھ گھروں میں بیٹھے لوگوں پر بھی ایف آئی آر درج کر دی گئیں، اسد عمر جوڈیشل کمپلیکس کی روڈ سے بھی اس روز نہیں گزرے، پراسیکیوٹر نے کہا کہ اسد عمر کی ہائیکورٹ میں موجودگی کے حوالے سے کوئی دستاویزی ثبوت نہیں دیا گیا۔ بعدازاں جوڈیشل کمپلیکس ہنگامہ آرائی کیس میں انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی رہنما اسد عمر کی مقدمے میں مستقل ضمانت منظور کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 10

لگوانے کے دوران حراست میں لیا گیا، میاں اکرم اقبال کو ڈی ایس پی سی آئی اے کینٹ نے حراست میں لیا۔ یاد رہے کہ اسلم اقبال کے خلاف چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی گرفتاری کے بعد پرتشدد کارروائیوں کے الزام میں تھانہ سرور روڈ میں قتل، دہشتگردی کا مقدمہ درج ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

اپنے آرڈر میں یہ نہیں کہا کہ عمران ریاض ایجنسیوں کے پاس ہے، ہم نے تو یہ کہا ہے کہ ایجنسیوں سے مدد لیں۔ سیکریٹری دفاع کے نمائندے کا بیان دیا کہ ابھی تک عمران ریاض کا کوئی سراغ نہیں لگا۔ آئی جی پنجاب روسٹرم پر آ گئے، انہوں نے عدالت کو بتایا کہ ہم نے جیوفینسنگ کی ہے مگر کوئی نمبر لوکیٹ نہیں ہوسکا، عدالت کی ہدایت پر عمران ریاض کی لیگل ٹیم اور اہلخانہ سے ملاقات کی ہے۔ آئی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ہم نے ایف آئی اے سے بھی رابطہ کیا ہے، اس معاملے میں کچھ نمبرز غیر ملکی استعمال ہوئے، جو نمبرز استعمال ہوئے وہ افغانستان کے ہیں، ہمارے پاس افغانستان کے نمبرز ٹریس کرنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ غیر ملکی نمبر اور اسکا ٹرانسکرپٹ چیمبر میں جمع کرانا چاہتا ہوں، اگر عدالت اجازت دے تو تفصیلات جمع کرا دیتا ہوں عدالت نے آئی جی پنجاب کو ہدایت کی کہ ڈیڑھ بجے آپ چیمبرز میں پیش ہوں۔ عمران ریاض کے وکیل نے دلائل دیئے کہ باقی تمام لوگ 2 دن میں پکڑے جاتے ہیں لیکن عمران ریاض برآمد نہیں ہوتا، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ جو لوگ یہاں ہیں ان کو پکڑنا آسان ہوتا ہے۔ وکیل نے کہا کہ اس کا مطلب ہے کہ آئی جی پنجاب نے آپ کو مطمئن کر دیا ہے کہ عمران ریاض افغانستان چلے گئے ہیں۔ عدالت نے سماعت ملتوی کردی۔ بعدازاں، لاہور ہائی کورٹ میں اینکر عمران ریاض کی بازیابی کے کیس میں آئی جی پنجاب نے چیف جسٹس امیر بھٹی کو چیمبر میں بریفنگ دی۔ آئی جی پنجاب چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کو بریفنگ دینے کے بعد واپس روانہ ہوگئے۔ یاد رہے کہ 11 مئی کو گرفتاری کے بعد عمران ریاض خان کے بارے میں معلومات نہیں ہیں، انہیں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے بعد جلاؤ گھیراؤ اور کشیدگی کے دوران حراست میں لیا گیا تھا، ان کے علاوہ بھی چند صحافیوں کو گرفتار کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 12

شناخت پریڈ کی غرض سے سات روز کے لئے جیل بھجوانے کا حکم دیا کہ شناخت پریڈ مکمل ہونے پر دونوں کو دوبارہ عدالت میں پیش کیا جائے۔ قبل ازیں دونوں خواتین کی شناخت کو چھپانے کیلئے ان کے چہرے ڈھانپ کر عدالت میں پیش کیا گیا تاہم پولیس نے کپڑوں سے چہرے ڈھانپنے کی بجائے شاپر بیگ سے دونوں کے چہرے ڈھانپ رکھے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 13

کوششیں شروع کردی۔

بقیہ بقیہ جات 14

کیمرے میں ریکارڈ ہوگیا۔ ان کا کہنا تھا کہ گلی سے گزرتے لوگوں میں سے کسی نے لڑکے کو روکنے کی کوشش نہیں کی۔ سواتی ملیوال کے مطابق نئی دلی خواتین کیلئے انتہائی غیر محفوظ علاقہ بن گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

ہوتے ہوئے کہا کہ تمام پاکستان تحریکِ انصاف کے کارکنان تین تین دن تبلیغ پر چلے جائیں اور اپنے ہمراہ عمران خان کو بھی لے جائیں، اس سے آپکو بہت فائدہ ہوگا۔ مولانا طارق جمیل ان تین جملوں کی ادائیگی کے بعد قہقہے لگاتے ہیں اور سامنے بیٹھے افراد کو ہنستے ہوئے دیکھتے رہتے ہیں۔ واضح رہے کہ طارق جمیل کافی عرصے سے عمران خان کی حمایت کی وجہ سے مسلسل تنقید کا نشانہ بنتے آرہے ہیں اور ایک موقع پر تو انہیں عمران خان کی حمایت کی وجہ سے قوم سے معافی بھی مانگنی پڑ گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 16

مہنگائی، بے روزگاری اور بے یقینی کی کیفیت کے خاتمے کیلئے مقتدر ادارے کردار ادا کریں۔

بقیہ بقیہ جات 17

تھی کھڑی ہے اور کھڑی رہے گی۔ ماضی میں (ن) لیگ کی قیادت کو انتقام کا نشانہ بنانے کیلئے جو حربے استعمال کیے گئے وہ سب ناکام ہوئے اور (ن) لیگ پوری جرات اور بہادری کے ساتھ آج بھی عوام کی مقبول ترین جماعت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف سیاسی جماعت نہیں پانی کا بلبلہ تھا سیاسی بلبلہ اپنے انجام کو پہنچ چکا ہے عمران خان کو اس کا غرور اور تکبر لے ڈوبا ہے کل تک پی ڈی ایم جماعتوں سے بات نہ کرنے کا دعویدار عمران خان آج اسی پی ڈی ایم سے این آر او لینے کیلئے پاؤں پکڑ رہا ہے۔ پی ڈی ایم حکومت عمران خان کو کسی صورت این آر او نہیں دے گی عمران خان کو اپنے دور میں ہونے والی کرپشن کا حساب دینا پڑے گا۔

بقیہ بقیہ جات 18

طیب عثمانی نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی قاری واحد بخش قاری رحمت اللہ لاشاری انجینئر خالد ٹیپو عبد الحمید تونسوی سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی کے برسوں پرانے ریکارڈ ٹوٹ گئے ہیں۔ گیس، بجلی اور تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے مہنگائی آسمان پر پہنچ گئی ہے، آج پاکستان میں بجلی کی قیمت آسمان کو چھو رہی ہے، لوگ بجلی کی لوڈشیڈنگ اور بلوں سے پریشان ہیں۔ ارباب اختیار عوام کی حالت پر رحم کریں اور عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات کریں۔

بقیہ بقیہ جات 19

ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات سے ملک کو 385 ملین ڈالرز زرمبادلہ حاصل ہوا تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق اپریل 2023 میں آرٹ سلک اور سینتھیٹک ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات کا حجم 33 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال اپریل کے مقابلے میں 20 فیصد کم ہے، گزشتہ سال اپریل میں آرٹ سلک اور سینتھیٹک ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات سے ملک کو 42 ملین ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا تھا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ مارچ کے مقابلے میں اپریل میں آرٹ سلک اور سینتھیٹک ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں ماہانہ بنیاد پر 8 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ مارچ میں آرٹ سلک اور سینتھیٹک ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات کا حجم 36 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو اپریل میں کم ہو کر 33 ملین ڈالر ہوگیا۔

بقیہ بقیہ جات 20

میں اضافے کی عکاس ہے، پروموٹ ہونے والے انسپکٹرز فیلڈ تجربے کی روشنی میں اپنا کمانڈنگ کردار موثر طور پر ادا کریں۔ پروموشن بورڈ اجلاس میں ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ڈاکٹر انعام وحید خان، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز ہمایوں بشیر تارڑ، ڈپٹی سیکرٹری ریگولیشن سلیم صاحب اور سیکشن آفیسر پولیس تھری طاہر صاحب نے بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 21

9 بیماریوں کی سکریننگ اور ویکسینیشن کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کی چھ ڈویژنز میں قائم میڈیکل کیمپس میں پولیس افسران و اہلکاروں کی اسکریننگ جاری ہے۔ پولیس فورس کی سکریننگ کے لئے سی سی پی او آفس، ڈسٹرکٹ پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ، عباس پولیس لائن بیدیاں اور سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز جلو موڑ میں بھی کیمپ لگائے گئے ہیں۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ میڈیکل اسکریننگ کا مقصد لاہور پولیس کے افسران و جوانوں کو صحت مند رکھنا ہے تاکہ وہ احسن طریقے سے اپنی خدمات انجام دے سکیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ ہیلتھ سکریننگ کے بعد مختلف بیماریوں میں مبتلا پولیس ملازمین کے علاج معالجے کا عمل شروع کیا جارہا ہے۔ میڈیکل سکریننگ لاہور پولیس کا شاندار اقدام ہے جس سے صحت مند پولیس فورس ڈویلپ کرنے میں مدد ملے گی۔ ہیلتھ سکریننگ سے پولیس ملازمین کی صحت اور فرائض کی انجام دہی کے حوالے سے مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور پولیس فورس کا میڈیکل ریکارڈ مرتب کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ بقیہ جات 22

کو فروغ کرنے میں مدد ملے گی۔ ہیٹ مینجمنٹ کے لیے آرکیٹیکٹ اور سول انجینئر ز کی جانب سے تجاویز پیش کی گئیں۔ عدالتی احکامات پر ٹریفک کے مسائل اور پارکنگ قوانین پر عملدرآمد رپورٹ کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف ٹاؤن پلانر شکیل انجم منہاس، ڈائریکٹر لاقاسم بھٹی، ڈائریکٹر ٹیپا، ڈی ایس پی ٹریفک و متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 23

45,752 روپے ماہانہ تنخواہ کے ہمراہ او ایس ڈی پوسٹ بھی تخلیق کر دی ہے۔ ایک علیحدہ کارروائی میں محتسب آفس کی مداخلت پر شیخوپورہ کے 1100 سکولوں کے ڈینگی فوکل پرسنز کی ڈیوٹی دینے والے اساتذہ کو سفری الاؤنس کی مد میں 30 لاکھ روپے کی ادائیگی کر دی گئی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ پنشن کی فراہمی کی درخواستوں پر کی جانے والی کارروائی کی بدولت محکمہ انہار نے اٹک کی سحر بیگم نامی بیوہ خاتون کو 11 لاکھ 74 ہزار 254 روپے، دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب نے گجرات کی زبیدہ بیگم کی پنشن بحالی کے علاوہ انہیں بقایا جات کی مد میں 12 لاکھ 14 ہزار 867 روپے، میونسپل کارپوریشن راولپنڈی نے ایک مقامی سنٹری ورکر کی بیوہ عذرا طاہر کو 16 لاکھ روپے بطور مالی امداد، اکاؤنٹس آفس گوجرانوالہ نے وزیر آباد کے محمد عبداللہ کے مرحوم والد کی پنشن بیوہ کے نام ٹرانسفر کرنے کے علاوہ انہیں 21 لاکھ پانچ ہزار 700 روپے کی ادائیگی بھی کی ہے۔ اسی طرح محتسب آفس کی مداخلت پر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور نے ایک دوسرے شکایت کنندہ عثمان خان کو 14 لاکھ 23 ہزار 669 روپے کے واجبات ادا کر دیے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

کہ حکومت پاکستان ہندوستان کے گھناونے چہرے کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرے۔ گجرات میں مسلمانوں کا قتل عام کرنے والا قصائی نیدر مودی سب سے بڑا دہشت گرد ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری قوم، پاکستان کی بقا کے لئے ہندوستان کی آٹھ لاکھ فوج کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن چکی ہے۔ ان کے غیر متزلزل جذبے کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ جب تک کشمیری قوم انڈیا کے چنگل سے آزادی حاصل نہیں کرلیتی ہم اپنے نہتے کشمیری بہن بھائیوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے 5 اگست 2019ء کو اہل مقبوضہ کشمیر کے حقوق پر شب خون مارا تھا۔ مگر وہ آزادی کی تحریک کو دبانے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے۔ انڈین فوج پر ہیومن رائٹس واچ، ایمنسٹی انٹرنیشنل، فزیشنز فار ہیومن رائٹس جیسی بین الاقوامی تنظیموں اور کولیشن فار سول سوسائٹی جیسی مقامی تنظیموں کی طرف سے بھارت کے زیر قبضہ کشمیر میں جن انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی بار بار نشاندہی کی ہے، ان میں ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیاں، شہریوں کو انسانی ڈھال کی طرح استعمال کرنا، ٹارچر، جعلی مقابلے، قتل عام، اجتماعی قبریں، کاروباروں اور گھروں کو تباہ کرنا، رہائشی علاقوں کو آگ لگانا، اور سکولوں اور یونیورسٹیز کی عمارتوں پر قبضہ کرنا شامل ہے۔ محمد جاوید قصوری نے اس حوالے سے مزید کہا کہ مجال ہے کہ اقوام متحدہ یا انسانی حقوق کے نام نہاد علمبردار ممالک نے بھارت کے مظالم کے خلاف آواز اٹھائی ہو۔ ہندوستان نے کشمیر میں ایک لاکھ سے زائد افراد کو شہید کر دیا، ہزاروں خواتین کی بے حرمتی کی گئی ہے اور یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ عالمی برادری کو اپنا دوہرا معیار تبدیل کرنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 25

پر تفتیش کی گئی تو پتہ چلا کہ ہنڈا کار ماڈل 2005 کل صبح جہلم سے چوری ہوئی تھی۔ گاڑی کے مالک سے رابطہ کر کے گاڑی برآمدگی کے بارے میں معلومات فراہم کر دی گئی۔ مزید قانونی کارروائی کے لیے گاڑی پولیس اسٹیشن داؤدخیل کے حوالے۔ مزید ایک کارروائی کے دوران چکری کے قریب موٹروے پولیس نے 2 بچوں کو دیکھا جن کی عمریں بالترتیب 8 اور 9 سال تھی۔ پوچھ گچھ کرنے پر بچے تسلی بخش جواب نہ دے سکے۔ جس پر بچوں کو چکری کیمپ منتقل کر دیا گیا۔ بعدازاں پتا چلا کہ بچے اسلام آباد کی کسی مدرسے میں زیر تعلیم ہیں اور کراچی سے تعلق رکھتے ہیں۔ لیکن بچے اپنے خاندان اور مدرسے کا پتہ یا رابطہ نمبر فراہم نہ کر سکے۔ اس صورتحال میں مدرسے سے بھاگے ہوئے بچوں کو باحفاظت چائلڈ پروٹیکشن بیورو راولپنڈی کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 26

جلد ہی اس کا اعزاز ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے اس پر فخر ہے اور یہ میرا مقصد ہے۔ بہت سے لوگ گنیز میں اپنا نام نہیں بنا پاتے لیکن میں بناؤں گی۔

بقیہ بقیہ جات 27

فوج اور پیرا ملٹری فورسز کے درمیان جھڑپیں جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

انشااللہ اکتوبر میں ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 29

سے بھری پڑی ہے جب سیاسی قائدین مزاکرت کی میز پر بیٹھے اور قومی امور پر اتفاق رائے قائم ہوا تاہم یہاں ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ انتشار اور جلاؤ گھیراؤ پھیلانے والے ایسے لوگ جو خود کو نام نہاد سیاست دان کہلواتے ہیں، مذاکرات کے اہل نہیں ہو سکتے، ان کے عسکریت پسندانہ اقدامات کیلئے احتساب ہونا چاہیے اور یہ کوئی معیوب بات نہیں بلکہ دنیا کی ترقی یافتہ جمہوریتوں میں بھی ایسے لوگوں کا محاسبہ کیا جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

ضمانتی مچلکے جمع کرائے گئے۔ بعد ازاں وہ انسداد دہشت گردی عدالت سے لاہور ہائی کورٹ روانہ ہوگئے۔ عدالت نے 9 مئی واقعات کے مقدمات میں عمران خان کی 2 جون تک عبوری ضمانت منظور کر رکھی ہے اور انہیں تینوں مقدمات میں ایک ایک لاکھ کے مچلکے جمع کرانے کی ہدایت کی تھی۔ اس سے قبل انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کی گاڑی کو عدالت میں لانے کی اجازت دے دی تھی جس کے بعد جیمر والی گاڑی اور سکیورٹی کی گاڑیاں زمان پارک پہنچی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 31

اسٹیٹ بینک حکام سے آئندہ مالی سال کیلئے فنانسنگ پر بھی بات چیت جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت خزانہ کے حکام آئی ایم ایف کے ساتھ بجٹ سے قبل معاہدہ کرنا چاہتے ہیں، پاکستان چاہتا ہے اسٹاف لیول معاہدہ منظوری کیلئے فوری آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کو بھیجا جائے، اسٹاف لیول معاہدہ مکمل ہوتے ہی دسویں اور گیارہویں جائزے کے لیے مذاکرات شروع کرنیکی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف سے مذاکرات بہت اچھے ہوتے ہیں تاہم خط و کتابت کے وقت آئی ایم ایف کا رویہ بدل جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

میری رابرٹسن بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان تاریخی شراکت داری رہی ہے، پاکستانی طالب علموں کی تعلیم کے لئے آسٹریلیا کے کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، تعلیم، ثقافت، تجارت اور سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا میں موجود پاکستانی دونوں ممالک میں تعلقات کی مضبوطی کا ایک ذریعہ ہیں، دوطرفہ تجارت کا فروغ دونوں ممالک کے تعلقات کی مزید مضبوطی کا باعث بن سکتا ہے، کرکٹ سمیت دیگر کھیلوں میں مشترکہ سرگرمیوں سے نوجوانوں کو بہتر ماحول فراہم ہوسکتا ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ دونوں ممالک کو تجارت اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ مریم نواز شریف نے کورونا وبا کے دوران آسٹریلیا کی جانب سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر پاکستان کی مدد پر شکریہ ادا کیا۔ آسٹریلیا کے ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے مریم نواز شریف کو پارٹی عہدے ملنے پر مبارک پیش کی۔ آسٹریلیا کے ہائی کمشنر نے ملاقات کے لئے وقت دینے پر مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 33

تعیناتی کی منظوری دے دی۔ جسٹس اقبال حمید الرحمٰن تین سال کیلئے چیف جسٹس فیڈرل شریعت کورٹ تعینات کئے گئے ہیں، جسٹس اقبال حمید الرحمٰن سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق جج ہیں، صدر مملکت نے تعیناتی کی منظوری آئین کے آرٹیکل 175 اے 13 کے تحت دی۔

بقیہ بقیہ جات 34

لیک جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منیب اختر سے بھی متعلق ہیں۔ وفاقی حکومت نے موقف اختیار کیا کہ چیف جسٹس پاکستان کی خوش دامن سے متعلق بھی مبینہ آڈیو آچکی ہے اس لیے چیف جسٹس خود کو آڈیو لیک کمیشن کیس کے بینچ سے الگ کرلیں۔

بقیہ بقیہ جات 35

مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے ایم ڈی آئی ایم ایف کرسٹالینا جارجیوا سے 9واں جائزہ مکمل کرنے میں مدد مانگ لی۔ ذرائع کے مطابق اسی سلسلے میں بجٹ تفصیلات آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کی گئی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے وزارت خزانہ کو بجٹ آئی ایم ایف کے ساتھ مل کر تیار کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایکسٹرنل فنانسنگ کے معاملے پر آئی ایم ایف کے مطالبات برقرار ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف ایکسچینج ریٹ میں انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ ریٹ کا فرق ختم کروانا چاہتا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کا پروگرام ختم ہونے میں 30 روز باقی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے ایم ڈی آئی ایم ایف کرسٹالینا جارجیوا سے 27 مئی کو رابطہ کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 36

تحت دوبارہ گرفتار کرلیا۔ تحریک انصاف کے رہنما کی ایک بار پھر گرفتاری ڈی سی راولپنڈی کی جانب سے 3 ایم پی او مزید 15 دن کی نظربندی کے احکامات کے تحت عمل میں لائی گئی ہے، جس کے مطابق پولیس نے انہیں اڈیالہ جیل سے رہا ہوتے ہی دوبارہ گرفتار کرلیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

کو فوج یا رینجرز نے گرفتار نہیں کیا تھا، رینجرز نے گرفتاری میں صرف پولیس کی مدد کی، عمران خان فوج پر غلط الزامات لگا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اب فوجی تنصیبات پر حملے کی توجیح پیش کر رہے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی لوگوں کو اکسانے اور منظم حملوں کا جواز اور بہانہ تلاش کر رہے ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ تحریک انصاف پر پابندی کے حوالے سے ابھی اتحادیوں سے مشاورت اور بحث وتحیث شروع نہیں ہوئی، اگر پابندی کی فوری ضرورت پڑی تو اتحادیوں سے مشورہ بھی کرلیا جائے گا تحریک انصاف پر پابندی کو خارج ازامکان قرار نہیں دیا جاسکتا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ تحریک انصاف مذاکراتی کمیٹی بنانے کے ساتھ متبادل کمیٹی بھی بنا دے، اگر مذاکراتی کمیٹی پی ٹی آئی چھوڑ جائے تو کوئی متبادل انتظام بھی ہونا چاہیے۔ میاں نواز شریف کی وطن واپسی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ نوازشریف ضرور پاکستان آئیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 38

لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے اعتراض کیا گیا تھا کہ نواز شریف کو سپریم کورٹ نے نا اہل کیا، درخواست گزار سپریم کورٹ سے رجوع کریں۔ رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ نے اپنے اعتراض میں مزید کہا کہ لاہور ہائیکورٹ سپریم کورٹ کے ماتحت ہے، یہاں سماعت نہیں ہوسکتی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ 2017 میں نواز شریف کو قومی اسمبلی سے نااہل قرار دیا گیا، عمران خان اور شیخ رشید نے نواز شریف کو سربراہی سے ہٹانے کی درخواست دائر کی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ 2018 میں سپریم کورٹ نے نواز شریف کو پارٹی صدارت سے ہٹانے کا حکم دیا۔ نواز شریف کا درخواست میں موقف تھا کہ الیکشن کمیشن نے این اے 95 میانوالی سے عمران خان کو نا اہل قرار دے دیا ہے، مگر عمران خان کو پارٹی کی سربراہی سے نہیں ہٹایا گیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت نواز شریف کو پارٹی کی صدارت پر بحال کرنے کا حکم جاری کرے۔

بقیہ بقیہ جات 39

کہ عبدالقادر پٹیل 10 ارب روپے بطور ہرجانہ ادا کریں، جسے شوکت خانم اسپتال میں جمع کروایا جائے گا۔ نوٹس میں عمران خان کی جانب سے کہا گیا ہے کہ عبدالقادر پٹیل نے معافی نہ مانگی تو قانونی کارروائی آگے بڑھائیں گے۔ واضح رہے کہ وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے پریس کانفرنس میں دعویٰ کیا تھا کہ سابق وزیر اعظم عمران خان کے یورین سیمپل سے شراب اور کوکین کے اجزا پائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا تھا کہ میڈیکل رپورٹ میں عمران خان کی ذہنی حالت پر بھی سوالیہ نشان لگایا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ اُن کی حرکات وسکنات فٹ آدمی کی نہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا تھا کہ عمران خان کی میڈیکل رپورٹ میں فریکچر نہیں پاؤڈر نکلا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی 5،6 ماہ پلستر چڑھا کر گھومے، مگر فریکچر نہیں تھا۔

بقیہ بقیہ جات 40

سپریم کورٹ کیا فیصلہ کرتی ہے۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں شیخ رشید نے کہا کہ نواز شریف بھی آجائے تاکہ روزروز کی چک چک ختم ہو، نواز شریف کی گاڑی چھوٹ چکی ہے، جب ڈالر 312 روپے کا ہوگا اور 18 لاکھ آٹے کے تھیلے رمضان میں غائب ہوں گے تو لوگوں کو سمجھانے کی ضرورت نہیں پڑے گی، 7 کروڑ نوجوانوں کی جیب میں موبائل فون ہیں جو اپنا فیصلہ خود کرنے کا شعور رکھتے ہیں اور انہیں بیوقوف نہیں بنایا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ نیب کا نوٹس موصول ہوا ہے جس کا تحریری جواب دیدیا ہے، میں یہ بتا چکا ہوں القادر ٹرسٹ ایجنڈے کے وقت میں موجود نہیں تھا کیونکہ شہزاد اکبر سے میری کبھی بھی بات چیت نہیں رہی، کل ایک قانون نافذ العمل ہوا ہے، جس سے مائنس عمران خان اور پلس نواز شریف فارمولا وجود میں آسکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

مالی سال کے بجٹ پر توجہ رکھی جائے گی، پروگرام کے اہداف اور مناسب فنانسنگ کے انتظامات بھی بات چیت کا حصہ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

کہا کہ مشاورت کریں گے کہ کسی جماعت سے سیٹ ایڈجسٹ فائدہ مند ہے یا علیحدہ الیکشن لڑیں۔ ان ملاقاتوں کے بعد چوہدری سرور نے پارٹی قیادت کو اعتماد میں لیا ہے۔ چوہدری سرور کی سربراہی میں پارٹی کی مشاورتی کمیٹی کا اجلاس بھی منعقد ہوا جس میں پی ٹی آئی منحرف اراکین سے رابطوں پر مشاورت کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 43

قانون آئینی اصول کی خلاف ورزی ہے۔ سپریم کورٹ میں جمع کرائے گئے جواب میں کہا گیا کہ آرٹیکل 191 کے تحت سپریم کورٹ کے پاس رولز میں ترمیم کے خصوصی اختیارات ہیں۔ صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے اپنے جواب میں کہا کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کا سیکشن 2، 4، 6 بینچز کی تشکیل سے متعلق ہے۔ جمع کرائے گئے جواب میں صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے کہا کہ آرٹیکل 191 کو الگ نہیں آئین کے عدلیہ سے متعلق دیگر آرٹیکلز کے ساتھ پڑھا جائے۔

بقیہ جات 44

کیا تھا۔ درخواست ریفرنس کے شریک ملزم شیخ عمران الحق کے جانب سے دائر کی گئی تھی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا تھا کہ نیب آرڈیننس میں ترمیم کے بعد اب عدالت کا سماعت کا اختیار نہیں۔ ریفرنس میں شاہد خاقان عباسی سمیت 4 ملزمان نامزد تھے، شریک ملزمان میں سابق مینیجنگ ڈائریکٹر (ایم ڈی) پی ایس او شیخ عمران الحق، ستار یعقوب، سابق وفاقی سیکریٹری ارشد مرزا شامل تھے۔ واضح رہے کہ شاہد خاقان عباسی و دیگر کے خلاف ریفرنس 2020 میں دائر کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 45

کے وکیل کو آخری موقع دیدیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 3 رکنی کمیشن نے سماعت کی جس کے دوران پی ٹی آئی کی جانب سے معاون وکیل نوید انجم پیش ہوئے جنہوں نے سماعت ملتوی کرنے کی درخواست کر دی۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا کہ ہم آپ کی مرضی کی تاریخ دیتے ہیں، گزشتہ سماعت پر بھی انور منصور کی مرضی کی تاریخ دی گئی۔ پی ٹی آئی کے معاون وکیل نے بتایا کہ انور منصور سندھ ہائی کورٹ میں ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا کہ الیکشن کمیشن میں پیشی کا تو پھر کسی کو وقت نہیں ملے گا، 22 اگست کو کیس شروع ہوا، جو ابھی تک چل رہا ہے، 10 ماہ بعد بھی کیس کی سماعت شروع نہیں ہوسکی، اس طرح کام نہیں چلے گا، اس عمل کو کہیں روکنا ہو گا۔ الیکشن کمیشن نے دلائل دینے کیلئے پی ٹی آئی کے وکیل کو آخری موقع دے دیا۔ چیف الیکشن کمشنر نے ہدایت کی کہ خود پیش نہیں ہوسکیں تو کم از کم جواب تو جمع کرائیں۔ پی ٹی آئی کے معاون وکیل نے الیکشن کمیشن کو بتایا کہ 9 مئی کے واقعات کے بعد پی ٹی آئی کے ہزاروں کارکنان کو گرفتار کیا گیا، تحریکِ انصاف کے تمام عہدے دار روپوش ہیں، چھاپوں کے خوف سے پی ٹی آئی کے دفاتر بند ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا کہ اس طرح تو پھر آئندہ جنرل الیکشن کے بعد تک سماعت ملتوی کر دیتے ہیں، الیکشن کمیشن مرکزی کیس میں فیصلہ سنا چکا ہے، آئندہ سماعت پر دلائل نہ دیے تو موجودہ ریکارڈ کی بنیاد پر فیصلہ سنا دیں گے۔ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی ممنوعہ فنڈنگ ضبطگی سے متعلق شوکاز نوٹس پر سماعت 6 جون تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 46

دائر درخواست میں وفاق کو بذریعہ سیکرٹری پارلیمانی امور، اسپیکر قومی اسمبلی، خصوصی کمیٹی اور سیکرٹری کمیٹی کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ 2 مئی کو اسپیکر قومی اسمبلی نے مبینہ آڈیو لیکس کی تحقیقات کیلئے کمیٹی قائم کی، آڈیو لیکس پٹیشنر کی پرائیویسی میں مداخلت اور غیر قانونی سرویلنس کا نتیجہ ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ اسپیکر کی تشکیل کردہ کمیٹی غیر قانونی ہے، انہیں ایسا کرنے کا اختیار نہیں، 25 مئی کو سیکرٹری اسمبلی کی جانب سے ایک نوٹس جاری کیا گیا جس میں ذاتی حیثیت میں کمیٹی کے روبرو پیش ہونے کا کہا گیا، کمیٹی کا اجلاس ہوئے بغیر ہی طلبی کا نوٹس بھیج دیا گیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت اسپیکر کی تشکیل کردہ کمیٹی کو غیر قانونی قرار دے کر کارروائی معطل کرے اور درخواست پر فیصلہ ہونے تک پٹیشنر کے خلاف کارروائی نہ کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 47

تعاون کے لیے 'مشترکہ فریم ورک' قائم کرنے پر اتفاق کیا۔ 'ڈپلومیٹک پاسپورٹ کیلئے ویزوں کے خاتمے کے معاہدے کو حتمی شکل دینے کا خیر مقدم کرتے ہوئے، دونوں فریقوں نے مائیگریشن اینڈ لیبر موبلٹی کیلئے فریم ورک کو حتمی شکل دینے کے لیے تیز رفتار مذاکرات کے عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس میں پاکستان اور اٹلی کے تاجروں نے بھرپور شرکت کی۔ اس تقریب کا اختتام ایک اہم 'روڈ میپ فار کوآپریشن' پر دستخط کے ساتھ کیا گیا جس میں ماحولیاتی تبدیلی، تجارت اور سرمایہ کاری، ورثہ، ثقافت، زراعت، اعلیٰ تعلیم، تکنیکی تعاون اور حوالہ جات کے شعبوں میں ٹیکنالوجی کی منتقلی شامل ہیں۔ وفاقی وزیر شیری رحمٰن نے کہا کہ روم میں پاکستان-اٹلی مشترکہ اقتصادی کمیشن کے 5ویں اجلاس کی نائب وزیر کے ساتھ شریک صدارت کرتے ہوئے خوشی ہوئی، اسلام آباد میں اطالوی تجارتی ایجنسی کے دفتر کے قیام سے دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا۔ شیری رحمان نے کہا کہ ہم اٹلی کے ساتھ مل کر ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے اور پانی کے انتظام کو بہتر بنانے کے لیے ایک مشترکہ فریم ورک بنا رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور اٹلی کے درمیان تجارتی شراکت داری پہلے سے زیادہ مضبوط ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 2022 میں ہماری دوطرفہ تجارت 2 بلین ڈالر تک پہنچ گئی، پاکستانی برآمدات بلین ڈالر سے تجاوز کر گئیں۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ اگلے جے ای سی اجلاس کی میزبانی اسلام آباد میں باہمی طور پر مناسب وقت پر کی جائے گی، جس کے ہم منتظر ہونگے۔

بقیہ بقیہ جات 48

(ایف آئی اے) کے پراسیکیوٹر کی جانب سے اعظم سواتی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی استدعا کی گئی۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ وارنٹ کی تعمیل کی کارروائی کی گئی ہے، وارنٹ کی تعمیل کے وقت اعظم سواتی اپنے گھر میں موجود نہیں تھے۔ اعظم سواتی کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ میرا اعظم سواتی سے رابطہ نہیں ہوسکا، تفتیشی افسر وارنٹ کی تعمیل کے لیے کہاں گئے، کیسے تعمیل کروائی؟ اسپیشل جج سینٹرل اعظم خان نے وارنٹ کی تعمیل کروانے والے اہلکار کو طلب کرلیا جس کے بعد عدالت نے اعظم سواتی متنازع ٹوئٹس کیس کی سماعت میں وقفہ کیا بعدازاں اعظم سواتی متنازع ٹوئٹس کیس کی سماعت اسپیشل جج سینٹرل کی عدالت میں دوبارہ شروع ہوئی۔ قابل ضمانت وارنٹ کی تعمیل کروانے والے ایف آئی اے کے اہلکار ممتاز عدالت میں پیش ہوئے۔ ایف آئی اے کے اہلکار ممتاز نے عدالت کو بتایا کہ اعظم سواتی گھر پر بھی نہیں تھے اور نہ کسی نے دروازہ کھولا۔ پراسیکیوٹر رضوان عباسی نے اعظم سواتی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ الیکٹرانک میڈیا کا دور ہے، ہر آدمی لحہ بہ لحہ آگاہ ہوتا ہے۔ وکیل صفائی سہیل خان نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری کا قانون ہی الگ ہے، اسے دیکھنا ہوگا، جو جو سیاستدان پریس کانفرنس کرتا ہے اس کے کیس ختم ہو جاتے ہیں۔ وکیل ملزم سہیل خان نے استدعا کی کہ عدالت قابل ضمانت وارنٹ کی تعمیل پہلے مکمل کروائے، ہائی کورٹ کے فیصلے کے مطابق پہلے قابل ضمانت وارنٹ کی تعمیل ضروری ہے۔ ایف آئی اے پراسیکیوٹر نے کہا کہ سب کو پتہ ہوتا ہے کون کہاں ہے، وکیل کو بھی پتہ ہوتا ہے۔ وکیل سہیل خان نے کہا کہ پہلے یہ تو چیک کرالیں وارنٹ کی تعمیل کیسے کروار ہے ہیں، جس واٹس ایپ نمبر پر وارنٹ کی تعمیل بھیجی گئی وہ میرا نمبر ہے۔ عدالت نے وکیل سہیل خان کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہائی کورٹ کا فیصلہ جمع کروادیں جس میں وارنٹ کی تعمیل کا حکم ہے۔ عدالت نے ایف آئی اے پراسیکیوٹر اور اعظم سواتی کے وکیل کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 49

درخواست دائر کی۔ درخواست میں نگران حکومت کی جانب پنجاب ایگریکلچرل مارکیٹنگ ریگولیٹی اتھارٹی میں ترمیم کرنے کے اقدام پر اعتراض اٹھایا گیا۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ نگران حکومت کو آرڈیننس میں اختیار کا کوئی اختیار نہیں ہے، حکومت صرف معمول کے روز مرے کے اقدام کرسکتی ہے، پالیسی امور کا جائزہ نہیں لے سکتی، نگران حکومت نے پنجاب ایگریکلچرل مارکیٹنگ ریگولیٹی اتھارٹی آرڈیننس میں ترمیم کر دی، نگران حکومت نے اپنے اختیارات سے تجاوز کیا ہے۔ استدعا ہے کہ نگران حکومت کے آرڈیننس میں ترمیم کو کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 50

میں موقف اختیار کیا گیا کہ خفیہ ایجنسی کے دفتر پر حملے میں 7 خواتین ملزموں کے خلاف تھانہ سول لائنز فیصل آباد میں مقدمہ درج ہے، انسداد دہشت گردی عدالت نے مقدمے میں نامزد نہ ہونے کی بنا پر ضمانتیں منظور کیں، ملزم خواتین سے پیٹرول سے بھری بوتلیں برآمد ہوئیں۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ خواتین خفیہ ایجنسی کے دفتر پر حملے میں ملوث ہیں ان کی ضمانت منسوخ کی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 51

کے لیے کیے گئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کہا کہ پاکستان آسٹریلیا کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان آسٹریلیا کے ساتھ تعلیم، لائیوسٹاک، زراعت، سائنس اور ٹیکنالوجی میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ آسٹریلین کمپنیوں کے لیے پاکستان میں انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ، زراعت، قابل تجدید توانائی اور مائننگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں آسٹریلین حکومت کا پاکستانی طلبہ کو سکالرشپس دینے کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ بلاشبہ آسٹریلیا میں مقیم پاکستانی اس کی تعمیر و ترقی میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں خواتین ملکی معاشی ترقی میں مردوں کے شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ یونیورسٹیوں میں ویمن ایمپاورمنٹ پر کنسورشیم بھی بنایا گیا ہے۔ آسٹریلین ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے کہا کہ پاکستانی طلبہ کی ایک بڑی تعداد آسٹریلیا میں تعلیم حاصل کر رہی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان زراعت اور ڈیری کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ آسٹریلین ہائی کمشنر نے کہا کہ ان کا ملک خوشحال اور مستحکم پاکستان کی حمایت کرتا ہے۔ اُنہوں نے پنجاب میں زراعت، ڈیری سیکٹر کی ڈویلپمنٹ اور لائیو سٹاک میں آسٹریلین تعاون کو فروغ دینے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 52

کانگریس کے رکن جم بینکس نے کہا کہ امریکا پاکستان سے بہتر تعلقات چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کسی بھی پاکستانی حکومت کے ساتھ بات کرنے کو تیار ہیں۔ امریکی کانگریس کے رکن جم بینکس نے کہا کہ امریکی اراکینِ کانگریس کا خط کسی فرد یا سیاسی پارٹی کی حمایت میں نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

میں آسمانی بجلی گرنے سے 6 افراد جاں بحق ہوئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ نواحی گاؤں ویڑی جھپ کے قریب اس وقت پیش آیا جب ایک سو سے زائد افراد میلے میں شرکت کیلئے پیدل جارہے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 54

کی پرواز پی کے 89 جیسے ہی کوالالمپور پہنچی، ملائیشین حکام نے طیارے کو روک لیا تھا۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق معاملہ سفارتی ذرائع سے حل ہوگیا ہے، جہاز ریلیز ہونے کے بعد گزشتہ رات گئے کوالالمپور سے اسلام آباد پہنچا۔ پی آئی اے کے ترجمان کے مطابق بوئنگ 777 طیارہ پی آئی اے کی ملکیت ہے، انجن لیزنگ کمپنی نے ملائیشیا کی ایک عدالت میں غلط اعداد و شمار جمع کروا کے حکم امتناع حاصل کیا تھا۔ ترجمان پی آئی اے نے بتایا ہے کہ پی آئی اے نے کوالالمپور میں وکلاء کے ذریعے عدالت سے رجوع کر لیا ہے اور معاملہ اس وقت زیرِ سماعت ہے۔ پی آئی اے کے ترجمان کے مطابق اس طرح طیارہ رکوانے اور زبردستی پیسے نکلوانے کے معاملات دنیا میں کہیں دیکھنے میں نہیں آئے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق لیزنگ کمپنی اور پی آئی اے دونوں ملائیشیا کی مقامی کمپنیاں نہیں ہیں۔ پی آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ پی آئی اے نے اس پرواز کے مسافروں کو متبادل طیارے سے پہلے ہی وطن واپس پہنچا دیا تھا۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق کل واجب الادا رقم 1.8 ملین ڈالر تھی جو ادا کی جا چکی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 55

درخواست گزار عمران خان کی طرف سے میاں تبسم ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ عمران خان نے اپنی درخواست کمشنر لاہور اور ڈی سی لاہور سمیت دیگر کو فریق بنایا اور موقف اختیار کیا کہ انسداد دہشت گردی عدالت سے 18 مئی کو پولیس نے بدنیتی کی بنیاد پر سرچ وارنٹ حاصل کیے، جس مقدمے میں سرچ وارنٹ حاصل کیے گئے اس میں درخواست گزار کا کوئی کردار نہیں۔ عدالت کے سامنے موقف پیش کیا گیا کہ درخواست گزار نے میڈیا کی موجودگی میں فریقین کو سرچ وارنٹ پر عمل کی اجازت دے دی ہے، عدالت سے استدعا ہے کہ 18 مئی کو جاری سرچ وارنٹ کالعدم اور غیر قانونی قرار دے۔ عدالت نے عمران خان کے وکیل میاں تبسم سے استفسار کیا کہ آپ نے درخواست میں مخالف فریق پر الزامات لگائے ہیں، وہ بتائیں، کس قانون کے تحت سرچ وارنٹ کو کالعدم کیا جائے۔ عمران خان کے وکیل میاں تبسم نے عدالت کو بتایا کہ سرچ وارنٹ میں کسی مقدمہ کا ذکر نہیں ہے۔ کمشنر لاہور نے عدالت کو بتایا کہ زمان پارک کے باہر تجاوزات تھیں ہم اسی کے لئے وہاں گئے تھے، ہم نے گھر کے اندر کوئی سرچ آپریشن نہیں کیا۔ عدالت نے تفتیشی افسر سے استفسار کیا کہ کیا آپ نے سرچ وارنٹ پر عمل درآمد کرانا ہے۔ تفتیش افسر نے جواب دیا کہ جی سرچ وارنٹ پر عمل کرانا ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ عدالت کا تفتیشی افسر سے استفسار کیا کہ آپ نے کس تاریخ کے لئے سرچ وارنٹ لئے تھے اور آج کیا تاریخ ہوگئی۔ تفتیشی افسر نے جواب دیا کہ 18 مئی کے لئے سرچ وارنٹ لئے گئے تھے، عدالت عمل درآمد کے لئے کچھ مہلت دے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ اب آپ نیا سرچ وارنٹ لیں گے، پرانا والا قابل عمل نہیں ہوگا۔ عدالت نے ایس ایس پی صہیب اشرف سے بھی استفسار کیا کہ آپ عمران خان کے گھر کیا کرنے گئے تھے۔ جس پر ایس ایس پی صہیب اشرف نے جواب دیا کہ ہم زمان پارک کے اطراف تجاوزات ہٹانے کیلئے گئے تھے۔ عدالت نے کمشنر اور ایس ایس پی کے بیانات کو ریکارڈ کا حصہ بنا دیا۔ عمران خان کے وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ عدالت سرچ وارنٹ کو منسوخ کرے۔ عدالت نے عمران خان کی رہائشگاہ سرچ وارنٹ کی منسوخی کیلئے دائر درخواست پر فیصلہ دیتے ہوئے قرار دیا کہ ایک مرتبہ کے جاری کردہ وارنٹ صرف مخصوص مدت تک کیلئے ہوتے ہیں۔ ایک بار لیے گئے سرچ وارنٹ ہمیشہ کیلئے نہیں ہوتے۔

بقیہ بقیہ جات 56

کے واقعات کے بعد ایک مرتبہ پھر سے سیاست میں متحرک ہوئے اور انہوں نے ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کیا تاہم ابھی تک انہوں نے پارٹی کے متعلق کچھ بھی میڈیا میں جاری نہیں کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

ہمارے خلاف کوئی بات نہیں کی، نئے چیئرمین نیب کیا اب افسران سے سوال کریں گے کہ جھوٹے کیس کیوں بنائے؟ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ 3 سال سے ادارے کا اور ہمارا وقت ضائع کیا گیا، عوام سمجھ رہی تھی کہ پتہ نہیں کتنا بڑا کیس ہے، ہمیں بتایا جائے کہ ہم نے کون سے اختیارات کا غلط استعمال کیا۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ ہماری زندگی مفلوج بنائی گئی، بدنامی الگ ہوئی اور مالی نقصان بھی ہوا، عمران کہتے ہیں کہ انہوں نے کوئی کیس نہیں بنایا، چیئرمین نیب کی ذمے داری ہے کہ جھوٹے کیسز بنانے پر تحقیقات کریں۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی کہتا ہوں کیمروں کے سامنے کیس چلایا جائے، عمران خان کی طرح بھاگنے والوں میں سے نہیں، سیاسی لیڈر سینہ تان کر مقابلہ کرتا ہے، نیب اور پاکستان ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ نیب پاکستان کو نقصان پہنچانے والا ادارہ ہے، افسران اور کابینہ نیب کے ڈر کی وجہ سے فیصلے نہیں کرتے، ارباب اختیار اب اس معاملے کو سمجھیں، جب تک نیب کا ادارہ ہے ملک نہیں چل سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سیاستدانوں کے لیے بنایا گیا ادارہ اب ختم کر دینا چاہیے، نیب کی کارکردگی اب سامنے لانی چاہیے، اب فیصلہ ہوگا کہ کونسی عدالت میں یہ کیس چلے گا، سیاسی لوگوں پر جو کیس ہیں ان کے حقائق عوام کے سامنے رکھنے چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی کسی جماعت کو ختم نہیں کر سکتا، جس ملک میں جمہوریت نہیں ہوگی الیکشن چوری ہوں گے تو پھر بوجھ پڑے گا۔

بقیہ بقیہ جات 58

اپنے آرڈر میں یہ نہیں کہا کہ عمران ریاض ایجنسیوں کے پاس ہے، ہم نے تو یہ کہا ہے کہ ایجنسیوں سے مدد لیں۔ سیکریٹری دفاع کے نمائندے کا بیان دیا کہ ابھی تک عمران ریاض کا کوئی سراغ نہیں لگا۔ آئی جی پنجاب روسٹرم پر آ گئے، انہوں نے عدالت کو بتایا کہ ہم نے جیوفینسنگ کی ہے مگر کوئی نمبر لوکیٹ نہیں ہوسکا، عدالت کی ہدایت پر عمران ریاض کی لیگل ٹیم اور اہلخانہ سے ملاقات کی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ہم نے ایف آئی اے سے بھی رابطہ کیا ہے، اس معاملے میں کچھ نمبرز غیر ملکی استعمال ہوئے، جو نمبرز استعمال ہوئے وہ افغانستان کے ہیں، ہمارے پاس افغانستان کے نمبرز ٹریس کرنے کی صلاحیت نہیں ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ غیر ملکی نمبر اور اسکا ٹرانسکرپٹ چیمبر میں جمع کرانا چاہتا ہوں، اگر عدالت اجازت دے تو تفصیلات جمع کرا دیتا ہوں عدالت نے آئی جی پنجاب کو ہدایت کی کہ ڈیڑھ بجے آپ چیمبرز میں پیش ہوں۔ عمران ریاض کے وکیل نے دلائل دیئے کہ باقی تمام لوگ 2 دن میں پکڑے جاتے ہیں لیکن عمران ریاض برآمد نہیں ہوتا، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ جو لوگ یہاں ہیں ان کو پکڑنا آسان ہوتا ہے۔ وکیل نے کہا کہ اس کا مطلب ہے کہ آئی جی پنجاب نے آپ کو مطمئن کر دیا ہے کہ عمران ریاض افغانستان چلے گئے ہیں۔ عدالت نے سماعت ملتوی کردی۔ بعدازاں، لاہور ہائی کورٹ میں اینکر عمران ریاض کی بازیابی کے کیس میں آئی جی پنجاب نے چیف جسٹس امیر بھٹی کو چیمبر میں بریفنگ دی۔ آئی جی پنجاب چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کو بریفنگ دینے کے بعد واپس روانہ ہوگئے۔ یاد رہے کہ 11 مئی کو گرفتاری کے بعد عمران ریاض خان کے بارے میں معلومات نہیں ہیں، انہیں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے بعد جلاؤ گھیراؤ اور کشیدگی کے دوران حراست میں لیا گیا تھا، ان کے علاوہ بھی چند صحافیوں کو گرفتار کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 59

(ایف آئی اے) کے پراسیکیوٹر کی جانب سے اعظم سواتی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی استدعا کی گئی۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ وارنٹ کی تعمیل کی کارروائی کی گئی ہے، وارنٹ کی تعمیل کے وقت اعظم سواتی اپنے گھر میں موجود نہیں تھے۔ اعظم سواتی کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ میرا اعظم سواتی سے رابطہ نہیں ہوسکا، تفتیشی افسر وارنٹ کی تعمیل کے لیے کہاں گئے، کیسے تعمیل کروائی؟ اسپیشل جج سینٹرل اعظم خان نے وارنٹ کی تعمیل کروانے والے اہلکار کو طلب کرلیا جس کے بعد عدالت نے اعظم سواتی متنازع ٹوئٹس کیس کی سماعت میں وقفہ کیا بعدازاں اعظم سواتی متنازع ٹوئٹس کیس کی سماعت اسپیشل جج سینٹرل کی عدالت میں دوبارہ شروع ہوئی۔ قابل ضمانت وارنٹ کی تعمیل کروانے والے ایف آئی اے کے اہلکار ممتاز عدالت میں پیش ہوئے۔ ایف آئی اے کے اہلکار ممتاز نے عدالت کو بتایا کہ اعظم سواتی گھر پر بھی نہیں تھے اور نہ کسی نے دروازہ کھولا۔ پراسیکیوٹر رضوان عباسی نے اعظم سواتی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ الیکٹرانک میڈیا کا دور ہے، ہر آدمی لحہ بہ لحہ آگاہ ہوتا ہے۔ وکیل صفائی سہیل خان نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری کا قانون ہی الگ ہے، اسے دیکھنا ہوگا، جو جو سیاستدان پریس کانفرنس کرتا ہے اس کے کیس ختم ہو جاتے ہیں۔ وکیل ملزم سہیل خان نے استدعا کی کہ عدالت قابل ضمانت وارنٹ کی تعمیل پہلے مکمل کروائے، ہائی کورٹ کے فیصلے کے مطابق پہلے قابل ضمانت وارنٹ کی تعمیل ضروری ہے۔ ایف آئی اے پراسیکیوٹر نے کہا کہ سب کو پتہ ہوتا ہے کون کہاں ہے، وکیل کو بھی پتہ ہوتا ہے۔ وکیل سہیل خان نے کہا کہ پہلے یہ تو چیک کرالیں وارنٹ کی تعمیل کیسے کروار ہے ہیں، جس واٹس ایپ نمبر پر وارنٹ کی تعمیل بھیجی گئی وہ میرا نمبر ہے۔ عدالت نے وکیل سہیل خان کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہائی کورٹ کا فیصلہ جمع کروادیں جس میں وارنٹ کی تعمیل کا حکم ہے۔ عدالت نے ایف آئی اے پراسیکیوٹر اور اعظم سواتی کے وکیل کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 60

درخواست گزار عمران خان کی طرف سے میاں تبسم ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ عمران خان نے اپنی درخواست کمشنر لاہور اور ڈی سی لاہور سمیت دیگر کو فریق بنایا اور موقف اختیار کیا کہ انسداد دہشت گردی عدالت سے 18 مئی کو پولیس نے بدنیتی کی بنیاد پر سرچ وارنٹ حاصل کیے، جس مقدمے میں سرچ وارنٹ حاصل کیے گئے اس میں درخواست گزار کا کوئی کردار نہیں۔ عدالت کے سامنے موقف پیش کیا گیا کہ درخواست گزار نے میڈیا کی موجودگی میں فریقین کو سرچ وارنٹ پر عمل کی اجازت دے دی ہے، عدالت سے استدعا ہے کہ 18 مئی کو جاری سرچ وارنٹ کالعدم اور غیر قانونی قرار دے۔ عدالت نے عمران خان کے وکیل میاں تبسم سے استفسار کیا کہ آپ نے درخواست میں مخالف فریق پر الزامات لگائے ہیں، وہ بتائیں، کس قانون کے تحت سرچ وارنٹ کو کالعدم کیا جائے۔ عمران خان کے وکیل میاں تبسم نے عدالت کو بتایا کہ سرچ وارنٹ میں کسی مقدمہ کا ذکر نہیں ہے۔ کمشنر لاہور نے عدالت کو بتایا کہ زمان پارک کے باہر تجاوزات تھیں ہم اسی کے لئے وہاں گئے تھے، ہم نے گھر کے اندر کوئی سرچ آپریشن نہیں کیا۔ عدالت نے تفتیشی افسر سے استفسار کیا کہ کیا آپ نے سرچ وارنٹ پر عمل درآمد کرانا ہے۔ تفتیش افسر نے جواب دیا کہ جی سرچ وارنٹ پر عمل کرانا ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ عدالت کا تفتیشی افسر سے استفسار کیا کہ آپ نے کس تاریخ کے لئے سرچ وارنٹ لئے تھے اور آج کیا تاریخ ہوگئی۔ تفتیشی افسر نے جواب دیا کہ 18 مئی کے لئے سرچ وارنٹ لئے گئے تھے، عدالت عمل درآمد کے لئے کچھ مہلت دے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ اب آپ نیا سرچ وارنٹ لیں گے، پرانا والا قابل عمل نہیں ہوگا۔ عدالت نے ایس ایس پی صہیب اشرف سے بھی استفسار کیا کہ آپ عمران خان کے گھر کیا کرنے گئے تھے۔ جس پر ایس ایس پی صہیب اشرف نے جواب دیا کہ ہم زمان پارک کے اطراف تجاوزات ہٹانے کیلئے گئے تھے۔ عدالت نے کمشنر اور ایس ایس پی کے بیانات کو ریکارڈ کا حصہ بنا دیا۔ عمران خان کے وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ عدالت سرچ وارنٹ کو منسوخ کرے۔ عدالت نے عمران خان کی رہائشگاہ سرچ وارنٹ کی منسوخی کیلئے دائر درخواست پر فیصلہ دیتے ہوئے قرار دیا کہ ایک مرتبہ کے جاری کردہ وارنٹ صرف مخصوص مدت تک کیلئے ہوتے ہیں۔ ایک بار لیے گئے سرچ وارنٹ ہمیشہ کیلئے نہیں ہوتے۔

لاہور: نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم مقامی ہوٹل میں سیمینار کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان اور چین کے درمیان غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے زرعی شعبے میں تعاون

سی پیک کے تحت پاکستان کے 325 چینی یونیورسٹیوں کے ساتھ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان نے چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت 325 چینی یونیورسٹیوں کیساتھ مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے ہیں جبکہ میگا اقدام کے تحت 581 پاکستانیوں نے چینی سکالرشپ حاصل کیے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق اس بات کا انکشاف ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان (ایچ ای سی) کے ڈائریکٹر جنرل سی پیک سیل ڈاکٹر صفدر علی نے کیا۔ وہ سی پیک کے تحت ساؤتھ چائنا ایگریکلچر یونیورسٹی (ایس سی اے یو) گوانگزو اور جامعہ کراچی کے تعاون سے یونیورسٹی آف ایگریکلچر، فیصل آباد (یو اے ایف) میں پائیدار غذائی تحفظ کے حل پر 3 روزہ بین الاقوامی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ گوادر پرو کے مطابق ڈاکٹر صفدر نے کہا کہ چین کے ساتھ زرعی شعبے میں تعاون سے پاکستان میں غذائی تحفظ میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک کے تحت چینی یونیورسٹیوں کے ساتھ 113 ٹریننگز کرائی گئی ہیں اور 19 ہزار افراد کو چینی زبان میں تربیت دی گئی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ایس سی اے یو کے ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 1)

سیلاب کو گزرے 10 ماہ ہو گئے، لاڑکانہ سے ٹرین سروس شروع نہ ہوسکی

لاڑکانہ کے شہری گزشتہ 10 ماہ سے ٹرین سروس سے محروم ہیں، رپورٹ

کراچی (این این آئی) ملک میں سیلابی صورتحال کو گزرے 10 ماہ ہونے کے باوجود لاڑکانہ سے کراچی اور کوئٹہ کیلئے ٹرین سروس بدستور معطل ہے جس کے باعث شہری مہنگے داموں نجی ٹرانسپورٹ سے سفر کرنے پر مجبور ہوگئے۔ تاریخی اور معاشی اہمیت کے حامل شہر لاڑکانہ کے شہری گزشتہ 10 ماہ سے ٹرین سروس سے محروم ہیں۔ ریلوے حکام کے مطابق سیلاب متاثرہ ٹریک کا مرمتی کام مکمل کیا جاچکا ہے اور جون تک گاڑیوں کی آمدورفت شروع ہونے کا امکان ہے۔ چیئرمین پی پی بلاول بھٹو کے سیکرٹری جمیل سومرو نے کہا کہ ٹرین سروس اور جہاز سروس کی بحالی کیلیے بلاول بھٹو نے وزیراعظم اور متعلقہ حکام کو متوجہ کیا ہے اور توقع ہے کہ جلد ہی ٹرین سروس بحال کردی جائے گی۔

پاکستان عوامی تحریک کا کردار ہمیشہ سے ہی پرامن رہا ہے، راجہ زاہد محمود

عوام کو ریلیف دینے کے لئے اور پاکستان میں عوام کو تکلیف دینے کیلئے بنتی ہیں، گفتگو

اسلام آباد(این این آئی) مرکزی نائب صدر پاکستان عوامی تحریک راجہ زاہد محمود نے کہا ہے کہ پوری دنیا میں حکومتیں بنتی ہیں عوام کو ریلیف دینے کے لئے تاہم پاکستان میں حکومتیں بنتی ہیں مگر عوام کو تکلیف دینے کیلئے، موجودہ نظام کے اندر غریب عوام کے لئے کوئی خیر کی توقع نہیں ہے۔ وہ گزشتہ روز سنٹرل ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس کے بعد پاکستان عوامی تحریک کے مرکزی، صوبائی وضلعی عہدیداران سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کر رہے تھے، اس موقع پر مرکزی کوآرڈینیٹر عارف چوہدری، ڈپٹی سیکرٹری کوارڈینیشن عمردراز خان، صدر شمالی پنجاب قاضی شفیق، آرگنائزر ملک طاہر جاوید، ترجمان شمالی پنجاب وصدر عوامی تحریک ضلع راولپنڈی غلام علی خان، میاں کاشف اور سنٹرل و جنوبی پنجاب کے قائدین نے شرکت کی۔ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بدترین مہنگائی کے باعث غریبوں کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے ہو چکے، کسی کو غریب کی فکر نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 2)

آئی جی پنجاب کا احسن اقدام / جھوٹے مقدمات کا سامنا کرنیوالی کانسٹیبلری کیلئے لیگل ایڈ فنڈ قائم

لاہور(کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا احسن اقدام/ جھوٹے مقدمات کا سامنا کرنے والی کانسٹیبلری کیلئے لیگل ایڈ فنڈ قائم کر دیا گیا۔ اس حوالے سے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ پولیس افسران و اہلکار بسا اوقات دوران ڈیوٹی جھوٹے مقدمات اور قانونی پیچیدگیوں کا شکار ہو جاتے ہیں، حکومتی لیڈرشپ، پالیسی اور افسران تبدیل ہونے پر (بقیہ نمبر 3)

نومئی واقعات، جے آئی ٹی کی معاونت ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل عبد الرؤف وٹو کریں گے، نوٹیفکیشن

لاہور(سٹی رپورٹر) نومئی واقعات کی تحقیقات کے لئے قائم جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم (جے آئی ٹی) کی معاونت ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل عبدالرؤف وٹو کریں گے۔ ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے نوٹیفکیشن جاری کردیا جس کے مطابق عبدالرؤف وٹو عسکری ٹاور پر حملے سمیت دیگر مقدمات میں جے آئی ٹی کی معاونت کریں گے۔ عبدالرؤف وٹو انوسٹی گیشن افسر کو شواہد اکٹھے کرنے کے لیے ہدایات دیں گے۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل کیسز میں ہونے والے (بقیہ نمبر 4)

پی ٹی آئی کے سابق ایم پی اے سلیم سرور جوڑا ہسپتال سے گرفتار

گجرات(بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سابق ایم پی اے اور ضلعی صدر سلیم سرور جوڑا کو گرفتار کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سلیم سرور جوڑا کو گجرات کے عزیز بھٹی شہید ہسپتال سے گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق سلیم سرور جوڑا کے خلاف 9 مئی کے واقعات کے بعد مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ سلیم سرور جوڑا 21 دن قبل ضمانت پر رہا ہوئے تھے اور بیماری کی وجہ سے ہسپتال میں داخل تھے۔

محسن نقوی کا صوبہ بھر میں جعلی زرعی ادویات کے سدباب کیلئے کریک ڈاؤن کا حکم

کاشتکاروں کا استحصال نہیں ہونے دینگے، کاشتکاروں کو امدادی نرخ پر زرعی ادویات کی فراہمی ہو گی

پنجاب بینک کے شاندار کپاس پروگرام کے تحت آسان قرض دینے کی تجویز، نگران وزیراعلی کی زیرصدارت اجلاس

لاہور(سٹی رپورٹر) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت وزیراعلی آفس میں منعقدہ اجلاس میں کپاس کی بوائی و پیداوار بڑھانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ نگران وزیراعلی محسن نقوی نے صوبہ بھر میں جعلی زرعی ادویات کے سدباب کے لئے کریک ڈاؤن کا حکم دیتے ہوئے ہدایت کی کہ پولیس اور متعلقہ محکمے جعلی ادویات تیار وفروخت کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں۔ کاشتکار کے استحصال کی اجازت نہیں دیں گے۔ اجلاس میں کپاس کے کاشتکاروں کو امدادی نرخ پر زرعی ادویات کی فراہمی کی تجویز پر اتفاق کیا گیا اور پنجاب بینک کیشاندار کپاس پروگرام کے تحت کاشتکاروں (بقیہ نمبر 5)

قصور: ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی زیادہ کپاس اگاؤ مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سعودی اور برطانوی وزرائے خارجہ کا سوڈان کے حل کے لیے کوششوں پر تبادلہ خیال

فون کال پر بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے سعودی عرب کی کوششوں کا جائزہ لیا، رپورٹ

ریاض(این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان بن عبداللہ اور برطانیہ کے وزیر خارجہ جیمز کلیورلی نے فون کال پر سوڈان کی صورت حال اور مسئلے کے حل کے لیے کوششوں پر تبادلہ خیال کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فون کال پر بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے سعودی عرب کی کوششوں کا جائزہ لیا جن کا مقصد جمہوریہ سوڈان میں سیاسی حل کی حمایت کرنا ہے۔ بات چیت میں جدہ مذاکرات کی میزبانی کرکے سوڈانی فریقوں کو قریب لانے کے لیے سعودی عرب کی مسلسل کوششوں اور قلیل مدتی جنگ بندی اور انسانی ہمدردی کے انتظامات کے نتیجے میں ہونے والے معاہدوں پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ وزرائے خارجہ نے دونوں دوست ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات کے فروغ کے لیے مشترکہ تعاون کے منصوبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقوں نے کہا کہ وہ سعودی عرب (بقیہ نمبر 6)

آلو انڈسٹری کی بحالی کے لیے بی آر آئی ایگری انسٹی ٹیوٹ کا آغاز

چین کی ساؤتھ ویسٹ یونیورسٹی میں فورم کا انعقاد، اسٹریٹجک تعاون کے معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) آلو کی صنعت کو فروغ دینے کی کوشش میں چین اور پاکستان سمیت 11 بیلٹ اینڈ روڈ (بی آر آئی) ممالک نے بین الاقوامی یونیورسٹیوں، کمپنیوں اور تنظیموں کیساتھ مل کر آلو کی صنعت پر ایک بین الاقوامی نیٹ ورک شروع کیا ہے۔ فورم چین کی ساؤتھ ویسٹ یونیورسٹی میں منعقد ہوا۔ ساؤتھ ویسٹ یونیورسٹی کے ایگرونومی اینڈ بائیوٹیکنالوجی کالج کے ڈین پروفیسر لیوڈیان چھو نے چائنہ اکنامک نیٹ (سی ای این) کو ایک فون انٹرویو میں بتایا کہ ساؤتھ ویسٹ یونیورسٹی کی زیر قیادت ایک باہمی کوشش، بیلٹ اینڈ روڈ آلو نیٹ ورک کو بی آر آئی ممالک میں کثیر سطحی تعاون کے ذریعے آلو کی صنعت کے معیار اور کارکردگی کو بڑھانے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے، جس میں تعلیمی تبادلے، مشترکہ تحقیق، اور ٹیکنالوجی کی منتقلی شامل ہے۔ پروفیسر لیو نے سی ای این کو (بقیہ نمبر 7)

اوکاڑہ، سدھو موسے والا کی برسی پر ختم اور فائرنگ کی دعوت دینے والا مداح گرفتار

ملک شرجیل کے والد نے یقین دہانی کروائی کہ اُن کا بیٹا مزید ایسی کوئی حرکت نہیں کرے گا، رپورٹ

اوکاڑہ (نیوز ایجنسی) اوکاڑہ میں پولیس نے بھارت کے آنجہانی گلوکار سدھو موسے والا کی پہلی برسی کے موقع پر ہوائی فائرنگ کی دعوت پر نوعمر مداح کو حراست میں لینے کے بعد معافی مانگنے پر رہا کردیا۔ پوسٹ میں ملک شرجیل نامی لڑکے نے بھارتی گلوکار سدھو موسے والا کے سالانہ ختم کی تقریب منعقد کرنے اور اس پر ہوائی فائرنگ کا ارادہ ظاہر کیا تھا۔ گزشتہ سال 29 مئی کو بھارت میں قتل ہونے والے معروف گلوکار سدھو موسے والا کے مداح نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ شیئر کی تھی جس میں ملزم نے سدھو موسے والا کے سالانہ ختم دلوانے کا اعلان کیا۔ پولیس نے بتایا کہ متذکرہ بالا پوسٹ وائرل ہوتے ہی اوکاڑہ پولیس فوری طور پر حرکت میں آئی اور ملزم کو حراست میں لے لیا، انکوائری کرنے پر انکشاف ہوا کہ ملزم میٹرک کا طالب علم ہے جس کی عمر محض 15 سال کے لگ بھگ ہے۔ ملزم ملک (بقیہ نمبر 8)

جوڈیشل کمپلیکس ہنگامہ آرائی: اسد عمر کی دہشتگردی کے مقدمے میں مستقل ضمانت

اسلام آباد (این این آئی) جوڈیشل کمپلیکس ہنگامہ آرائی کیس میں انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی رہنما اسد عمر کی مقدمے میں مستقل ضمانت منظور کر لی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج راجہ جواد عباس نے محفوظ فیصلہ سنایا، عدالت نے اسد عمر کی ضمانت کنفرم کی، نئے تعینات ہونے والے پراسیکیوٹر کی جانب سے اسد عمر کی ضمانت کی درخواست پر دوبارہ دلائل دیئے گئے۔ پراسیکیوٹر نے موقف دیا کہ کہا جارہا ہے کہ ملزم اسلام آباد ہائیکورٹ میں موجود تھا، جوڈیشل کمپلیکس کے باہر موجود نہ ہونے (بقیہ نمبر 9)

میاں اسلم اقبال کے گرد گھیرا تنگ، بڑے بھائی کو حراست میں لے لیا

لاہور (سٹی رپورٹر) لاہور پولیس نے تحریک انصاف کے رہنما وسابق صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال کے بڑے بھائی کو حراست میں لے لیا۔ پولیس نے 9 مئی کے واقعات میں قتل کے نامزد ملزم اسلم اقبال کے گرد گھیرا تنگ کردیا۔ حکام کے مطابق میاں اسلم اقبال کی گرفتاری کی کوششیں جاری ہیں جبکہ اسلم اقبال کے بڑے بھائی کو حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس کے مطابق میاں اکرم کو گھر میں کیمرے (بقیہ نمبر 10)

حکومت پنجاب کے شادی ایکٹ پر عمل درآمد کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے

ننکانہ صاحب (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب کے شادی ایکٹ پر عمل درآمد کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے گئے، مقامی انتظامیہ مکمل ناکام ہوگئی، ذمہ دار افسروں کے چیکنگ کے لئے دورے بھی مبینہ طور پر فرضی نکلے، ذرائع کے مطابق ضلع ننکانہ کے شادی ہالز میں روزانہ ون ڈش اور اوقات کار کی خلاف ورزی بھی کھلے عام جاری ہے۔ اس سلسلے میں سرکاری طور پر محض خانہ پوری کی جاتی ہے۔

ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت وتوانائی ایس ایم تنویر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ میں صنعتکاروں اور تاجروں سے خطاب کررہے ہیں

عمران ریاض کا کوئی سراغ نہیں مل سکا، آئی جی پنجاب

ہمارے پاس افغانستان کے نمبرز ٹریس کرنے کی صلاحیت نہیں، ہائیکورٹ میں بیان

لاہور(نیوز ایجنسی) لاہور ہائی کورٹ میں صحافی عمران ریاض بازیابی کیس کی سماعت کے دوران ان کے وکیل نے جج کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اس کا مطلب ہے کہ آئی جی پنجاب نے آپ کو مطمئن کر دیا ہے کہ عمران ریاض افغانستان چلے گئے ہیں۔ لاہور ہائی کورٹ میں سماعت میں عمران ریاض کے سینئر وکیل میاں علی اشفاق اور شاہزیب پیش ہوئے، آئی جی پنجاب کمرہ عدالت میں پہنچ گئے۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ امیر بھٹی نے پوچھا کہ بتائیں اب تک عمران ریاض مسنگ پرسن کیوں ہے؟ وزارت دفاع اور وزارت داخلہ سے کوئی رپورٹ آئی ہے کیا؟۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ہم نے (بقیہ نمبر 11)

جناح ہاؤس توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ کیس میں دو خواتین شناخت پریڈ کیلئے جیل منتقل

خواتین کی شناخت چھپانے کیلئے چہروں کو کپڑے کی بجائے شاپر بیگ سے ڈھانپ کر لایا گیا

لاہور(این این آئی) جناح ہاؤس میں توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں گرفتار دو خواتین کو شناخت پریڈ کیلئے جیل بھجوا دیا گیا، پولیس کی جانب سے خواتین کی شناخت کو چھپانے کیلئے چہروں کو کپڑے کی بجائے شاپر بیگ سے ڈھانپ کر عدالت لایا گیا۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کی جج عبہر گل نے درخواست پر سماعت کی۔ پولیس کی طرف سے جناح ہاؤس میں توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں گرفتار دو خواتین عائشہ مسعود اور ماہا مسعود کو عدالت میں پیش کر کے شناخت پریڈ کے لئے جیل بھجوانے کی استدعا کی گئی۔ عدالت نے پولیس کی درخواست منظور کرتے ہوئے دونوں خواتین کو (بقیہ نمبر 12)

راولپنڈی، ڈاکوؤں نے گھر میں ڈکیتی مزاحمت کے دوران سیشن جج کو قتل کر دیا

پولیس کے مطابق واقعے کی تحقیقات شروع کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کوششیں شروع کردی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے سیشن جج جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق روات کے علاقے فیز 8 میں دو ڈاکو گھر میں ڈکیتی کی غرض سے داخل ہوئے اور اہلخانہ کو گن پوائنٹ پر یرغمال بنانے کی کوشش کی، اس موقع پر گھر میں موجود سیشن جج آزاد کشمیر سردار امجد اسحاق نے مزاحمت کی۔ پولیس کے مطابق سیشن جج سردار امجد اسحاق نے مزاحمت کی تو ایک ڈاکو نے فائرنگ کردی جس سے سردار امجد زخمی ہوگئے، انہیں طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی تحقیقات شروع کرکے ملزمان کی گرفتاری کے لیے (بقیہ نمبر 13)

LPC
Lahore Press Club

لاہور: تحریک دفاع اسلام پاکستان کے چیئرمین علامہ ہشام الٰہی ظہیر دیگر علماء کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

لڑکی کا لرزہ خیز قتل، بھارت میں خواتین کے محفوظ ہونے پر سوال

نئی دلی کمیشن برائے خواتین کی سربراہ نے دلی کو خواتین ولڑکیوں کیلئے غیر محفوظ قرار دے دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں سرعام قتل کی لرزہ خیز واردات نے بھارت میں خواتین کے محفوظ ہونے پر سوال اٹھا دیا۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق دارالحکومت نئی دہلی میں 20 سالہ لڑکے نے اپنی 16 سالہ گرل فرینڈ کو چھریوں کے وار اور پتھر مار کر سرعام قتل کر دیا تھا۔ سرعام قتل کی اس ہولناک واردات نے بھارت میں خواتین کے محفوظ ہونے سے متعلق سوال اٹھا دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کا مزید کہنا تھا کہ نئی دلی کمیشن برائے خواتین کی سربراہ نے دلی کو خواتین ولڑکیوں کیلئے غیر محفوظ قرار دے دیا ہے۔ خواتین کمیشن کی سربراہ سواتی بلیوال نے کہا کہ بہیمانہ قتل کا واقعہ سی سی ٹی وی (بقیہ نمبر 14)

مولانا طارق جمیل کا عمران خان کو تبلیغ میں وقت لگانے کا مشورہ، ویڈیو وائرل

طارق جمیل کافی عرصے سے عمران خان کی حمایت کی وجہ سے مسلسل تنقید کا نشانہ بنتے آرہے ہیں

مکوآنہ (این این آئی) معروف مذہبی اسکالر مولانا طارق جمیل نے پاکستان تحریک انصاف کے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ تبلیغ میں وقت لگائیں اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو بھی ساتھ لے جائیں اس عمل سے ان کو بہت فائدہ ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہے جس میں مولانا طارق جمیل نے پاکستانی سابق وزیراعظم عمران خان کو مشورہ دیتے ہوئے قہقہے لگا دیے۔ وائرل ویڈیو میں مولانا طارق جمیل عمران خان کو ایک مشورہ دے رہے ہیں جس کے بعد وہ زور سے ہنستے ہوئے بھی سنائی دیتے ہیں۔ انہوں نے اپنے خطاب کے دوران لوگوں سے مخاطب (بقیہ نمبر 15)

حکومت اور اپوزیشن جوڑ توڑ چھوڑیں مہنگائی قابو کریں، متحدہ علماء کونسل

ایوان میں براجمان نمائندوں کی قومی ایشوز سے مجرمانہ چشم پوشی تشویشناک ہے، مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم

لاہور(سٹی رپورٹر) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن جوڑ توڑ چھوڑیں مہنگائی قابو کریں، ملک تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہا ہے لیکن حکومت اور اپوزیشن میں سے کوئی بھی سنجیدہ نہیں، ایوان میں براجمان نمائندوں کی قومی ایشوز سے مجرمانہ چشم پوشی تشویشناک ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ریاست سیاسی قوتوں کے درمیان بیجا محاذ آرائی کی متحمل نہیں ہوسکتی، سیاستدان تدبیر اور سیاسی رواداری کا مظاہرہ کریں، ریاست کی سالمیت کیلئے قومی سیاست کی سمت درست رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کو درپیش خطرات کے تناظر میں سیاسی اور دفاعی قیادت کا ایک پیج پر ہونا ناگزیر ہے۔ ملک سے افراتفری، (بقیہ نمبر 16)

بہت جلد میاں نواز شریف وطن واپس آرہے ہیں، سلیم رضا

ان شاءاللہ عام انتخابات میں (ن) لیگ پورے ملک میں کلین سوپ کریگی، رہنما پی ڈی ایم

لاہور(سٹی رپورٹر) مسلم لیگ(ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ بہت جلد میاں نواز شریف وطن واپس آرہے ہیں، تحریک انصاف جیسے بنی تھی ویسے ہی بکھر گئی عام انتخابات میں پی ٹی آئی کا کوئی سیاسی مستقبل نہیں، ان شاء اللہ عام انتخابات میں (ن) لیگ پورے ملک میں کلین سوپ کرے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ(ن) کی سیاست کے خاتمے کے خواب دیکھنے والے آج اپنی آنکھوں سے اپنی سیاست دفن ہوتی دیکھ رہے ہیں مسلم لیگ(ن) ہر دوکھ سکھ میں عوام کے ساتھ کھڑی (بقیہ نمبر 17)

لاہور: ڈی جی ایکسائز پنجاب محمد علی وطین چوک ڈیفنس میں لگائے گئے ناکے شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

مہنگائی نے عوام سے جینے کی خواہش چھین لی ہے، قاری اعظم

حکمرانوں نے مہنگائی، بیروزگاری اور اپنی نالائقیوں کی وجہ سے قوم کو وینٹی لیٹر پر ڈال دیا

لاہور(سٹی رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (س) کے مرکزی سالار وامیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ مہنگائی نے عوام سے جینے کی خواہش چھین لی ہے، پی ڈی ایم حکومت کی نااہلی اور غیر ذمہ دارانہ رویوں سے قومی معیشت زوال پذیر ہو چکی ہے، حکمرانوں نے مہنگائی، بیروزگاری اور اپنی نالائقیوں کی وجہ سے قوم کو وینٹی لیٹر پر ڈال دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی ناظم اعلی مولانا ایوب خان ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی لاہور کے ناظم اعلی مولانا (بقیہ نمبر 18)

غذائی استحکام کو یقینی بنانے کیلئے مربوط کاوشیں عمل میں لانی ہونگی، ماہرین

موسمیاتی تبدیلیوں اور غذائیت کے بحران پر قابو پانے کیلئے حکمت عملی تیار کی جاسکے

مکوآنہ (این این آئی) بین الاقوامی کانفرنس میں ماہرین نے کہا ہے کہ غذائی استحکام کو یقینی بنانے کیلئے مربوط کاوشیں عمل میں لانی ہونگی تاکہ پیداواری صلاحیت میں اضافہ کے ساتھ ساتھ حیاتیاتی تنوع میں عدم توازن، موسمیاتی تبدیلیوں اور غذائیت کے بحران پر قابو پانے کیلئے حکمت عملی تیار کی جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ ایگرانومی، انسٹی ٹیوٹ آف ایگریکلچر ایکسٹینشن۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

قصور: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو سیدہ تہنیت بخاری پٹرول پمپ کمیٹی برائے حصول این او سی کے اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

پنجاب پولیس کے 62 انسپکٹرز کی ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی کی منظوری

پرموشن بورڈ اجلاس میں پنجاب بھر میں 237 انسپکٹرز کے کیسز زیرغور آئے

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب پولیس کے 62 انسپکٹرز کو ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی کی منظوری دیدی گئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر انسپکٹرز کی ترقیوں کیلئے محکمانہ پروموشن بورڈ کا اجلاس ہوا۔ ایڈیشنل آئی جی اسٹیبلشمنٹ راجہ رفعت مختار کی زیرصدارت منعقدہ اجلاس میں 62 انسپکٹرز کی ترقی کی منظوری دی گئی۔ دوران اجلاس پنجاب بھر میں خدمات سرانجام دینے والے 237 انسپکٹرز کے کیسز زیر غور آئے۔ پروموشن بورڈ نے تمام دستاویزات کا بغور جائزہ لینے کے بعد بہترین ریکارڈ اور اچھی شہرت کے حامل انسپکٹرز کی ترقی کی منظوری دی۔ ترقی پانے والے انسپکٹرز میں سید حامد حسن، عمران سعید، ظہیر احمد، محمد اصغر اور امجد مجید، تنویر احمد، محمد امین، اسد امین، محمد سعید اور منور احمد سمیت افسران کو بھی ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ ترقی پانے والوں میں اینٹی کرپشن میں خدمات سرانجام دینے والے 07 انسپکٹرز بھی شامل ہیں۔ ڈاکٹر عثمان انور نے ترقی پانے والے تمام افسران کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ محکمانہ ترقی درحقیقت پیشہ ورانہ ذمہ داریوں (بقیہ نمبر 20)

جلاؤ گھیراؤ کیس میں ملوث ماں، بیٹی جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

پی ٹی آئی کارکنان عائشہ مسعود اور ماحہ مسعود کو چہرے ڈھانپ کر عدالت پیش کیا گیا

لاہور(کرائم رپورٹر) عدالت نے جناح ہاؤس مقدمہ میں زیرحراست دو خواتین کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ کورکمانڈر ہاؤس پر حملہ اور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں زیر حراست دو خواتین کو انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں پیش کر دیا گیا۔ پی ٹی آئی دونوں کارکنان عائشہ مسعود اور ماحہ مسعود ماں بیٹی ہیں، جنہیں چہرے ڈھانپ کر عدالت پیش کیا گیا۔ کیس کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کی جج عبہر گل خان نے کی۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ خواتین تھانہ سرور روڈ میں درج جناوح ہاس حملہ کیس میں گرفتار ہوئی ہیں، دونوں خواتین کی شناخت پریڈ کے لئے ریمانڈ درکار ہے۔ عدالت نے دونوں خواتین کو شناخت پریڈ کے لئے 7 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھجوا دیا۔

لاہور میں اہم شاہراہوں پر سائیکل/موٹر بائیک کے لیے لین مارکنگ کرنے کا فیصلہ

ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے ولیونگ انوائرمنٹ میں بہتری کے لیے قائم کمیٹی کا خصوصی اجلاس

لاہور (این این آئی) لاہور میں ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے ولیونگ انوائرمنٹ میں بہتری لانے کے لیے قائم کمیٹی کا خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ کمشنر و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر چیف ٹاؤن پلانر شکیل انجم منہاس نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں معظم علی شاہ کیس میں عدالتی احکامات پر عملدرآمد کرانے کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ شہر میں ہیٹ ویو، ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے، پارکنگ کے مسائل حل کے لیے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ لاہور کی اہم شاہراہوں پر سائیکل/موٹر بائیک کے لیے لین مارکنگ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ پہلے مرحلہ میں 9 ماڈل شاہراؤں میں سے ایک شاہراہ کو منتخب کیا جائے گا۔ شہریوں میں سائیکلنگ کے فروغ کے لیے اقدامات/خصوصی مہم چلانے پر غور کیا گیا۔ سائیکلنگ کے فروغ سے وہیکل سے پیدا ہونے والی آلودگی میں کمی وصحت مند سرگرمیوں (بقیہ نمبر 22)

پی ٹی آئی کے دیرینہ کارکن مجاہد خان کو جیل سے رہا کردیا گیا

نارووال (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی نارووال کے دیرینہ کارکن مجاہد خان کو جیل سے رہا کردیا گیا۔ مجاہد خان کو نارووال سے گرفتار کیا گیا اور نقص امن کی دفعہ کے تحت ایک مہینے کیلئے نظر بند کرنے کے احکامات جاری کئے گئے تھے جسے مجاہد خان نے اپنے وکیل کے ذریعے لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ لاہور ہائیکورٹ کے احکامات پر مجاہد خان کو ڈسٹرکٹ جیل نارووال سے رہا کردیا گیا۔ مجاہد خان کی رہائی پر پی ٹی آئی کے کارکنوں نے بھرپور استقبال کیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔

سرگودھا، ہزارہ ایکسپریس ٹرین حادثے سے بال بال بچ

سرگودھا(بیورورپورٹ) سرگودھا کے قریب ریلوے ٹریک پر پھنسی ٹریکٹر ٹرالی کو دیکھ کر ٹرین ڈرائیور کے بروقت بریک لگا لینے سے ہزارہ ایکسپریس ٹرین حادثہ سے بال بال بچ گئی جسے ٹریک بحال کر کے ایک گھنٹہ تاخیر کے بعد روانہ کردیا گیا تاہم ٹریکٹر ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا کے چک 129 شمالی کے قریب ریلوے ٹریک پر ٹریکٹر ٹرالی پھنس گئی اسی اثناء میں ٹرین کو آتے دیکھ کر ٹریکٹر ڈرائیور فرار ہوگیا تاہم ٹرین ڈرائیور نے بروقت بریک لگا کر ہزارہ ایکسپریس کو حادثہ سے بال بال بچالیا۔

ملک بھر میں کورونا وائرس کے 11 کیس رپورٹ، 7 مریضوں کی حالت تشویشناک

اسلام آباد (ہیلتھ رپورٹر) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 11 کیس رپورٹ ہوئے اور 7 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ منگل کو قومی ادارہ صحت کے جاری اعدادوشمار کے مطابق ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے ایک ہزار 78 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 11 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے، اس طرح مثبت کیسز کی شرح 1.02 فیصد رہی۔

32321 پولیس ملازمین میں سے 6259 کی میڈیکل سکریننگ مکمل

سکریننگ کیلئے سی سی پی او آفس، ڈسٹرکٹ پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ، عباس پولیس لائن بیدیاں اور سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز جلو موڑ میں کیمپ لگائے گئے

ہیلتھ سکریننگ سے پولیس ملازمین کی صحت اور فرائض کی انجام دہی کے حوالے سے مثبت اثرات مرتب ہوں گے، بلال صدیق کمیانہ

لاہور (کرائم رپورٹر) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر پولیس کے افسران و اہلکاروں کی جسمانی صحت جانچنے کیلئے میڈیکل سکریننگ کا عمل جاری ہے، اب تک 19.36 فیصد پولیس فورس کی میڈیکل سکریننگ مکمل ہوچکی ہے، اعدادوشمار کے مطابق 32321 پولیس ملازمین میں سے 6259 کی میڈیکل سکریننگ مکمل کر لی گئی ہے، اس اقدام سے پولیس ملازمین کا اپ ٹو ڈیٹ میڈیکل ڈیٹا بینک قائم کرنے میں مدد ملے گی۔ ایک بیان میں سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ شوگر، بلڈ پریشر، موٹاپا، دمہ، ٹی بی، ہیپاٹائٹس بی اور سی سمیت پولیس ملازمین کی (بقیہ نمبر 21)

لاہور: ڈائریکٹر جنرل پروانشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی فلائیٹ لیفٹیننگ عمران قریشی کو چیف میٹرولوجسٹ محکمانہ امور بارے بریفنگ دے رہے ہیں

برطانوی خاتون ٹیٹو کے عالمی ریکارڈ کیلئے کوشاں

پھولوں اور صلیب کے پیچیدہ ڈیزائنوں سے ان کے گال، ٹھوڑی اور پیشانی بھر گئی، رپورٹ

کارڈف (این این آئی) ویلز سے تعلق رکھنے والی خاتون اور دو بچوں کی والدہ میلیسا نے اپنی جلد کو ٹیٹو سے بھر دیا ہے اور اب ان کا عزم ہے کہ وہ زمین پر سب سے زیادہ ٹیٹو والی شخصیت بنیں اور ورلڈ ریکارڈ قائم کریں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 46 سالہ میلیسا سلون کے چہرے کا ہر انچ ٹیٹو کی سیاہی سے ڈھکا ہوا ہے۔ پھولوں اور صلیب کے پیچیدہ ڈیزائنوں سے ان کے گال، ٹھوڑی اور پیشانی بھری ہوئی ہے۔ میلیسا ٹیٹو کی عادی ہیں اور اکثر تنازعات کی زد میں رہتی ہیں کیونکہ ان کی جلد پر اس قدر ٹیٹو کی وجہ سے متعدد بار اور ریستورانوں میں داخلے پر پابندی عائد ہے۔ میلیسا نے کہا کہ میں گنیز ورلڈ ریکارڈ ہولڈر بننا چاہوں گی، میں اس کے لیے کوشش کر رہی ہوں۔ میرے چہرے پر سیاہی کی 3 تہیں ہیں۔ میرے جلد پر شاید دنیا میں سب سے زیادہ ٹیٹو ہیں اور اگر نہیں تو جس رفتار سے میں یہ کررہی ہوں، میرے پاس (بقیہ نمبر 26)

فوجی دھڑوں کی جنگ نے سوڈان کے مغربی علاقے دارفر کو اجاڑ

فوج اور پیراملٹری فوج کے درمیان جنگ بندی کے باوجود دارفر میں لڑائی جاری

دارفر(این این آئی) سوڈان میں اقتدار پر قبضے کے لیے جاری فوجی دھڑوں کی جنگ نے سوڈان کے مغربی علاقے دارفر کو اجاڑ دیا۔ دارفر کے تمام دیہاتوں کو ملیشیاؤں نے تباہ کر دیا، امدادی ایجنسیوں نے دارفر میں انسانی تباہی کا خدشہ ظاہر کردیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق دارفر میں وسیع پیمانے پر لوٹ مار اور اہم بنیادی ڈھانچے کی تباہی نے بہت سے لوگوں کو خوراک، صاف پانی اور ادویات سے محروم کر دیا ہے۔ سیٹلائٹ تصاویر میں بھی دارفر میں آگ سے خاکستر علاقوں کو دیکھا گیا، فوج اور پیراملٹری فوج کے درمیان جنگ بندی کے باوجود دارفر میں لڑائی جاری ہے۔ لڑائی کی وجہ سے انسانی امداد کے منتظر لاکھوں افراد کو ایک ماہ سے زیادہ عرصے سے کوئی امداد نہیں مل پائی، امداد نہ ملنے کی صورت میں انسانی تباہی کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ سوڈان میں 15 اپریل سے (بقیہ نمبر 27)

جاپانی وزیراعظم نے معمولی غلطی پر بیٹے کو عہدے سے ہٹا دیا

وزیراعظم نے سرکاری رہائش میں نجی تقریب رکھنے پر بیٹے کو حکومتی عہدے سے برطرف کیا، رپورٹ

ٹوکیو(این این آئی) جاپانی وزیراعظم نے سرکاری رہائش میں نجی تقریب رکھنے پر بیٹے کو حکومتی عہدے سے برطرف کردیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جاپان کے وزیراعظم فومیو کیشیدا کے بیٹے نے گزشتہ سال وزیراعظم ہاس میں نجی تقریب کا اہتمام کیا جس میں انہوں نے اپنے عزیز و اقارب کو مدعو کیا تھا۔ سرکاری رہائش گاہ میں نجی تقریب منعقد کرنے پر جاپانی وزیراعظم کے ایگزیکٹو سیکرٹری کے طور پر کام کرنے والے ان کے بیٹے شوتارو اور خود فومیو کو عوامی تنقید کا سامنا تھا جس پر وزیراعظم نے بیٹے کو حکومتی عہدے سے برطرف کرنے کا فیصلہ کیا۔ میڈیا سے گفتگو میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ اپنے بیٹے کو ان کے ایگزیکٹو سیکرٹری کے عہدے سے برطرف کردیں گے کیونکہ سرکاری رہائش گاہ پر ایسی تقاریب کا اہتمام ایک غیر ذمہ دارانہ رویہ ہے اس لیے ضروری احتساب کی وجہ سے یہ فیصلہ کیا۔

دفتر محتسب پنجاب کی جانب سے سات افراد کو ایک کروڑ 42 لاکھ 26 ہزار 380 روپے کا مالی ریلیف فراہم

لاہور (جنرل رپورٹر) دفتر محتسب پنجاب نے عوامی دادرسی اور سرکاری محکموں سے درپیش مسائل کے حل کے متلاشی افراد کی مختلف درخواستوں پر کارروائی کرتے ہوئے سات افراد کو ایک کروڑ 42 لاکھ 26 ہزار 380 روپے کا قانونی ریلیف دلوایا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ دفتر محتسب پنجاب کی ہدایت پر گورنمنٹ سید میٹھا ٹیچنگ ہسپتال لاہور نے درخواست گزار رقیہ بتول کو 37 لاکھ سات ہزار 890 روپے کے واجبات ملازمت کی ادائیگی کے علاوہ (بقیہ نمبر 23)

کشمیری رہنما یاسین ملک کو سزا موت دینے کی درخواست سماعت کے لئے مقرر ہونا قابل مذمت ہے، جاوید قصوری

لاہور(سٹی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کشمیری رہنما یاسین ملک کو سزا موت کی درخواست سماعت کے لئے مقرر ہونے پر شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت نے ظلم وستم اور مظالم کی انتہا کر دی ہے۔ بھارتی حکومت کشمیری قائدین کو ختم کرنے کی پلاننگ کر رہی ہے، ضرورت اس بات کی ہے (بقیہ نمبر 24)

موٹروے M-14 پر چوری کی کار برآمد/ مدرسے سے بھاگے ہوئے دو بچے چائلڈ پروٹیکشن بیورو راولپنڈی کے حوالے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) موٹروے M-14 پر چوری کی کار برآمد/ مدرسے سے بھاگے ہوئے دو بچے چائلڈ پروٹیکشن بیورو راولپنڈی کے حوالے۔ موٹروے پولیس کی احسن کاروائیاں جاری۔ تفصیلات کے مطابق موٹروے پولیس نے M-14 داؤدخیل کے قریب جہلم سے چوری ہونے والی گاڑی برآمد کر لی۔ گاڑی میں کوئی شخص موجود نہ تھا شک پڑنے (بقیہ نمبر 25)

لاہور: چیئرمین الحمراء قاسم علی شاہ آرٹس کونسل کی گورننگ باڈی کے 72 ویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں